آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL Quetta شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز جمعرات 15 اکتوبر 2020ء بمطابق 27 صفر المظفر 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 280

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:25
مغرب	6:20
عشاء	07:15
اہل تشیع فجر صبح	05:00
اہل تشیع ظہرین	01:00
اہل تشیع مغربین	07:27

بلوچستان کو بفرزون بنانے والوں کے منصوبے ناکام ہو چکے

سردار اختر مینگل نے لاپتہ افراد کی فہرست دی حکومت نے رسپانس بھی دیا ہم نے وقت مانگا کہ تھوڑا سے مستحکم ہونے کے بعد تمام اکائیوں کو ساتھ لے کر چلیں گے

وزیراعظم عمران خان مایوس لوگوں کے لئے امید کی کرن ہے، ملک میں عدلیہ میں آزاد ہے، آج ابو بچاؤ مہم عوام نے مسترد کر دیا ہے

دنیا کی 70 فیصد سائل وسطی ایشیا میں جس کا گیٹ وے بلوچستان، پاکستان اور افغانستان ہیں' پاکستان پر دہشتگردی کی معاونت کا الزام تھا لیکن آج بھارت کے راز افشاں ہو رہے ہیں' وفاقی وزیر مملکت

شہریار آفریدی

کوئٹہ (آن لائن) کشمیر کمیٹی کے چیئرمین و وفاقی وزیر مملکت شہریار آفریدی نے وتی بم حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سردار اختر مینگل نے لاپتہ افراد کی فہرست دی حکومت نے رسپانس بھی دیا ہم نے وقت مانگا کہ تھوڑا سے مستحکم ہونے کے بعد تمام اکائیوں کو ساتھ لے کر چلیں گے بلوچستان کو بفرزون بنانے والوں کے منصوبے ناکام ہو چکے وزیراعظم عمران خان مایوس لوگوں کے لئے امید کی کرن ہے، ملک میں عدلیہ میں آزاد ہے، آج ابو بچاؤ مہم عوام نے مسترد کر دیا ہے، ماضی میں پارلیمان کی بات کرنے والے آج خود پارلیمان کی بجائے دھرنوں اور غلط بیانیے کا سہارا لے رہے ہیں دنیا کی 70 فیصد بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ چیئرمین پارلیمنٹری کمیٹی برائے کشمیر شہریار آفریدی سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ سمنگلی زیر تعمیر پل پر کام کرنے والے مزدوروں پر دستی بم حملہ 12 افراد زخمی

زخمیوں میں 5 مزدور اور 2 بچے بھی شامل ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے سمنگلی روڈ کوئٹہ پر دستی بم حملے کی مذمت کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے واقعے کی رپورٹ فوری طور پر طلب کر لی

پولیس، ایف سی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں سمیت امدادی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا

بے گناہ افراد کو نشانہ بنانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں دستی بم حملے میں زخمی ہونے والوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات فراہم کی جائیں' وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے سمنگلی روڈ پر زیر تعمیر پل پر کام کرنے والے مزدوروں پر دستی بم حملے کے نتیجے میں 12 افراد زخمی ہو گئے زخمیوں میں 5 مزدور اور 2 بچے بھی شامل ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے سمنگلی روڈ کوئٹہ پر دستی بم حملے کی مذمت کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے واقعے کی رپورٹ فوری طور پر طلب کر لی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے سمنگلی روڈ پر دستی بم حملے کے نتیجے میں 12 افراد زخمی ہو گئے ہیں، زخمیوں میں 5 مزدور، 2 راہگیر بھی شامل ہیں، ہم معلوم افراد کی طرف سے زیر تعمیر پل پر کام کرنے والے مزدوروں پر پھینکا گیا، پولیس، ایف سی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں سمیت امدادی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا زخمیوں سے بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

امن و امان کی صورتحال خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دینگے ضیاء لانگو

امن و امان اور سیکیورٹی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے متعلقہ ادارے اپنا بھرپور کردار ادا کریں' صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ صوبے میں امن و امان کی صورتحال میں کافی بہتری رہی ہے۔ انہوں نے سمنگلی روڈ پر دستی بم حملے کی شدید الفاظ میں بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی سال 2020 میں امن و امان کی صورتحال ماضی کے مقابلے

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جان بحق جبکہ دوسرا زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جان بحق جبکہ دوسرا زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

ضلع موسیٰ خیل میں بدامنی لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم ہونے کی اجازت ہرگز نہیں دے سکتے' مولانا محمد مرد موسیٰ خیل

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع موسیٰ خیل میں بدامنی راہزنی ڈکیتی چوری کے حوالے سے صوبائی نائب امیر مولانا بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے ضلع پشین میں سینکڑوں اساتذہ کے گھر بیٹھے تنخواہیں لینے کے انکشاف

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع پشین میں سینکڑوں اساتذہ کے گھر بیٹھے تنخواہیں لینے کے انکشاف پر ڈپٹی کمشنر کا بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ضلع کیچ کے 109 ٹیچرز برطرفی کی وجہ سے 14 مہینے سے تنخواہوں سے محروم

تربت (آن لائن) ضلع کیچ کے 109 ٹیچرز برطرفی کی وجہ سے 14 مہینے سے تنخواہوں سے محروم، گھروں میں بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

کرونا کے 14 مریض چل بسے، 615 نئے کیسز سامنے آگئے

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران کرونا کے 14 مریض چل بسے، 615 نئے کیسز سامنے بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

بھارتی فوجیوں نے شوپیاں میں دو کشمیری نوجوان شہید کر دیئے

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں بھارتی فوجیوں نے اپنی ریاستی دہشت بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان نے صوبے کے سرکاری ہسپتالوں کی خستہ حالی، سہولیات کے فقدان

کوئٹہ (آن لائن) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان نے صوبے کے سرکاری ہسپتالوں کی خستہ حالی، سہولیات کے بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

بلاول بھٹو زرداری گوجرانولہ جلسہ میں تاریخی خطاب کریں گے' قمر زمان کائرہ

لاہور (این این آئی) پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری گوجرانولہ جلسہ بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

صدر مملکت عارف علوی نے وفاقی محتسب کے فیصلے کے خلاف پمز ہسپتال کی درخواست مسترد کر دی

پمز ہسپتال کو تقرری کے عمل سے متعلق رپورٹ 45 دن میں وفاقی محتسب کو پیش کرنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے وفاقی محتسب کے فیصلے کے خلاف پمز ہسپتال کی درخواست مسترد کرتے ہوئے پمز ہسپتال کو تقرری کے عمل سے متعلق رپورٹ 45 دن میں وفاقی محتسب کو پیش کرنے اور خلاف ضابطہ تقرری کرنے پر انکوائری کرنے اور رپورٹ جمع کرانے بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی صحت یابی کے لئے بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی دفتر میں دعائیہ تقریب کا اہتمام اور لنگر تقسیم کیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی صحت یابی کے لئے بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی دفتر میں دعائیہ تقریب کا اہتمام اور لنگر تقسیم کیا گیا، تفصیلات کے مطابق بدھ کو بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی دفتر میں پارٹی صدر وزیراعلیٰ جام کمال خان کے کورونا وائرس میں مبتلا ہونے کے بعد انکی جلد صحت یابی کے لئے محمد الدین بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

پاکستان کا انسانی حقوق کونسل کا دوبارہ رکن منتخب ہونا خوش آئند ہے، شاہ محمود قریشی

جموں و کشمیر کی صورتحال پر تشویش ہے، اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھیں گے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ انسانی حقوق کونسل کے انتخابات میں ہر ریجن سے پاکستان کو حمایت ملی ہے، بلاشبہ اور بڑے ممالک نے بھی پاکستان کا ساتھ دیا، ترقی پذیر ممالک نے بھی پاکستان کو ووٹ دیا ہے۔ بدھ کو اقوام متحدہ انسانی حقوق بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات سینیٹر شبلی فراز اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوہلو میں لیویز کی تخریب کاروں کے ٹھکانے پر کارروائی بھاری تعداد میں اسلحہ و گولا بارود برآمد

کوہلو (این این آئی) ضلع کوہلو کے تحصیل کاہان کے علاقے سوراب ٹالہ میں لیویز فورس نے حساس ادارے کی اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے بھاری تعداد میں زیر زمین چھپایا گیا اسلحہ برآمد کر لیا ہے اسلحے میں آئی ای ڈی تین تعداد، اے آئی ایم ساتھ تعداد، اے پی ایم ساتھ تعداد، ڈور ہینڈ گرنیڈ پانچ تعداد، 38 مارٹر کے 140 گولے، اے جی بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

کوئٹہ صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان سردار یار محمد رند سے صوبائی وزیر حاجی محمد خان اوتانی کیل اور سردار مسعود لونی ملاقات کر رہے ہیں

انشاء اللہ اس حکومت کو دسمبر نہیں دیکھنے دینگے، مولانا فضل الرحمان کا دعویٰ

حکمرانوں نے غریب آدمی کی زندگی اجیرن کر دی ہے، عوام مہنگائی سے پریشان ہیں

تمہاری کرسی کی کوئی حیثیت نہیں، 16 اکتوبر کو گوجرانوالہ سے عوام کا سمندر اٹھے گا، جلسے سے خطاب

چارسدہ (این این آئی) جمعیت علما اسلام (ف) اور اپوزیشن اتحاد پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے دعویٰ کیا ہے کہ ہم اپنی تحریک کو آخری حد تک پہنچا کر دم لیں گے اور انشاء اللہ ان کو دسمبر نہیں دیکھنے دیں گے، حکمرانوں نے غریب آدمی کی زندگی اجیرن کر دی ہے، عوام مہنگائی سے پریشان ہیں، تمہاری کرسی کی کوئی حیثیت نہیں، 16 اکتوبر کو گوجرانوالہ سے عوام کا سمندر اٹھے گا، موجودہ حکمرانوں کے خلاف ہمارا اعلان بغاوت ہے، ہم سمندر بردکریں بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فوج کی خلاف ورزیاں بے نقاب کرتے رہیں گے وزیراعظم

برداشت کے فروغ اور تعمیری سرگرمیوں کو اپنی ترجیحات کا حصہ بناتے ہوئے ہم سب کے لیے انسانی حقوق کے تحفظ کا عزم کیے ہوئے ہیں

اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل کے لیے پاکستان کے مزید 3 برس کے لیے انتخاب پر نہایت شاد ہوں، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ پاکستان کشمیر پر غیر قانونی طور پر قابض بھارتی افواج کے ہاتھوں انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں بلا خوف و خطاب کرتا رہیگا۔ وزیراعظم عمران خان نے سوشل میڈیا پر اپنے نوٹ میں لکھا کہ اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل کے لیے پاکستان کے مزید 3 برس کے لیے انتخاب پر نہایت شاد ہوں۔ عمران خان نے لکھا کہ اس بڑی سفارتی کامیابی پر میں وزیر خارجہ اور بیرون ملک موجود پاکستان کے سفارتی مشنز کے کردار کو سراہتا ہوں جن کی کاوشوں سے عالمی افق پر پاکستان کی حیثیت اور ساکھ میں اضافہ ہوا، انہوں نے لکھا بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

بلوچستان پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے' بابر یوسفزئی

بلوچستان کی عوام اتفاق و محبت سے دشمن کی تمام سازشوں کو ناکام بنائیں گی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما، سابقہ ترجمان بابر یوسفزئی نے گزشتہ روز سمنگلی روڈ دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کا وہ بے کہ اس طرح کے بزدلانہ حملوں سے عوام کا حوصلہ پست نہیں کیا جا سکتا بلوچستان ترقی کی طرف گامزن ہے کسی کو اجازت نہیں دیگے کہ بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

عوام کے بنیادی مسائل حل کرنا ترجیحات میں شامل ہے

سردار یار محمد رند

ضلع کی عوام کے لئے پیکج کا اعلان کیا جائے' عوام کے حقوق کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرونگا

کورونا کے بعد ٹڈی دل نے بری طرح کچھی میں زراعت کو نقصان پہنچایا' صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے پارلیمانی سربراہ، صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان سردار یار محمد رند نے گزشتہ روز ضلع کچھی کے معززین و قبائلی معتبرین سے ملاقات کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ ضلع کچھی آج تک نظر انداز ہے جس کی وجہ سے کچھی کے بیشتر متاثرہ علاقے صوبائی حکومت کی طرف دیکھتے ہیں حالیہ سیلاب اور بارشوں سے سب سے زیادہ ضلع کچھی متاثر ہوا تھا لیکن اب تک کچھی کی عوام کی حکومت کی جانب سے کوئی امداد نہیں کی گئی جس سے عوام میں احساس محرومی پایا جاتا ہے امداد کے نام پر لوگوں کو راشن بیگ میں صرف آٹا اور چینی سپلائی کیا گیا جس کی کوالٹی انتہائی ناقص تھی وزیراعلیٰ بلوچستان سے اپیل کرتے ہیں کہ ضلع کچھی کے لئے اپنے فیلڈ پیکج کا اعلان کیا جائے کورونا کے بعد ٹڈی دل نے بری طرح کچھی میں زراعت کو نقصان پہنچایا ٹڈی دل کے بعد سیلاب جیسی قدرتی آفت نے زمینداروں کی کمر توڑ دی ہے ٹڈی دل نے ضلع کچھی میں تیار فصلوں کو نقصان پہنچایا جس کی وجہ سے ضلع بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

کوئٹہ شہر کے گیس پریشر کی کمی میں پنجاب کی طرح RLNG سے پورا کیا جائے' مولانا قاری عبداللہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری عبداللہ ضلعی سرپرست مولانا سراج الدین و دیگر جی ایم مدنی صدیقی سے گیس لوڈشیڈنگ اور پریشر کی کے مسئلے پر ملاقات کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ شہر کے گیس پریشر کی کو سردی میں پنجاب کی طرح RLNG سے پورا کیا جائے قدرتی گیس کا بحران سے بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

افغانستان میں دو فوجی ہیلی کاپٹر ٹکرا گئے، 15 افراد ہلاک

افغان میڈیا کے مطابق افغان فضائیہ کے 2 ہیلی کاپٹر صوبے ہلمند کے ضلع نواہ میں ٹکرا کر تباہ ہوئے

ہیلی کاپٹرز زخمیوں کو لینے اور مزید افغان کمانڈوز پہنچانے کی ڈیوٹی انجام دے رہے تھے، گورنر کی واقعے کی تصدیق

کابل (این این آئی) افغانستان میں 2 فوجی ہیلی کاپٹر آپس میں ٹکرا کر تباہ ہو گئے، واقعے میں کم از کم 15 افراد ہلاک ہو گئے۔ یہ ہیلی کاپٹرز زخمیوں کو لینے اور مزید افغان کمانڈوز پہنچانے کی ڈیوٹی انجام دے رہے تھے۔ ادھر صوبائی گورنر کے ترجمان نے نواہ میں ہونے والے اس حادثے کی تصدیق کی ہے تاہم مزید تفصیلات فراہم نہیں کیں۔ افغان میڈیا کے مطابق افغان فضائیہ کے 2 ہیلی کاپٹر صوبے ہلمند کے ضلع نواہ میں ٹکرا کر تباہ ہوئے۔ یہ ہیلی کاپٹرز زخمیوں کو لینے اور مزید افغان کمانڈوز پہنچانے کی بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

بھارت اپنے ظلم سے کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو نہیں دبا سکتا

بلوچستان

پاکستان نے دنیا کے ہر فورم پر کشمیر ایشو کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا ہے

موجودہ حکومت کا کشمیر کے حوالے سے دنیا کی بہترین یونیورسٹیوں سے رجوع کرنے کا فیصلہ لائق تحسین اقدام ہے' امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے چیئرمین کشمیر کمیٹی اور رکن قومی اسمبلی شہریار آفریدی نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران کشمیری بھائیوں پر ڈھائے گئے بھارتی مظالم، بھوپ میں جاری ترقیاتی منصوبوں، امن و امان کی مجموعی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا کہ یہ بات دنیا پر واضح ہو چکی ہے کہ بھارت اپنے ظلم و بربریت سے کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو نہیں دبا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے دنیا کے ہر فورم پر کشمیر ایشو کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا ہے اور ہمیشہ کی طرح یہ پرزور مطالبہ ہے کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں مقبوضہ کشمیر کے عوام کو حق خود ارادیت دیا جائے تاکہ وہ اپنی قسمت کا فیصلہ خود کر سکیں۔ گورنر یاسین زئی نے کہا کہ موجودہ حکومت کا کشمیر کے حوالے سے دنیا کی بہترین یونیورسٹیوں سے رجوع کرنے کا فیصلہ لائق تحسین اقدام ہے۔ گورنر یاسین زئی نے کہا کہ بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

حکومت کی غریب دشمن پالیسیوں کی بدولت ملک پیچھے جا رہا ہے' اختر حسین لانگو

ملک میں مہنگائی، بے روزگاری اور لاقانونیت اپنے عروج پر ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ بلوچستان کے انتظامی کمیٹی کا اجلاس گزشتہ روز کوئٹہ میں منعقد ہوا اجلاس میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے اراکین اسمبلی اختر حسین لانگو، احمد نواز بلوچ، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی نصر اللہ زیرے، پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے میڈیا کوآرڈینیٹر حیات خان اچکزئی نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان علی احمد لانگو و دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے زیر اہتمام 25 اکتوبر کے کوئٹہ جلسے اور حکومت مخالف تحریک کے لئے حکمت عملی اور تیاریوں پر غور کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اراکین اسمبلی اختر بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

اختر بلوچستان صوبائی اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو سے اپوزیشن لیڈر مالک سکندر ایڈووکیٹ اور مشیر محمد خان لہڑی ملاقات کر رہے ہیں

صوبہ بدامنی کی آگ کے لپیٹ میں ہے اب نہ تاجر محفوظ ہے نہ مزدور محفوظ ہے' عبدالستار شاہ چشتی

حکومتی نااہلی سے ٹارگٹ کلنگ اس صوبے کی پہچان بن چکی ہے' جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حامی عبدالستار شاہ چشتی' صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری حامی عبیداللہ حقانی' مرکزی سیکرٹری مالیات حامی حیات اللہ کاکڑ' صوبائی سالار عبدالولی' صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولوی رحمت اللہ حقانی اسمٹھلی روڈ سڑک پر کام کرنے والے مزدوروں پر حملہ کرنے کی شدید الفاظ سے مذمت کرتے ہوئے کہا کہ صوبہ بدامنی کی آگ کے لپیٹ میں ہے اب نہ تاجر محفوظ ہے نہ مزدور محفوظ ہے اور حکومتی اقدامات کے مذمتی بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

عوام آنے والے انتخابات میں شفاف کوئیٹی بنانے کردار ادا کریں' بلوچستان نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں کہا گیا ہے کہ عوام مہنگائی بیروزگاری بنیادی انسانی حقوق کی عدم فراہمی کیخلاف 25 اکتوبر کے جلسہ عام میں شرکت کر کے ثابت کر دیں کہ عوام اپنے حقوق کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے ہیں عوام آنے والے انتخابات میں شفاف کوئیٹی بنانے کردار ادا کریں پی ڈی ایم میں شامل جماعتیں بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

صوبے سے جہالت کے خاتمے تک ہماری جدوجہد جاری رہے گی' نور محمد

پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں کے سیاسی مستقبل کو خطرہ ہے' ملک میں جمہوریت کو کوئی خطرہ نہیں ہے

پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں کے سیاسی مستقبل کو خطرہ ہے' صوبائی وزیر

برہانی (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر ایچ ای، داسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ملک میں جمہوریت کو نہیں بلکہ پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں کے سیاسی مستقبل کو خطرہ ہے 25 جولائی 2018 کو قوم نے ان نام نہاد عوام دشمن سیاسی جماعتوں کو اپنے ووٹ کی پرچی کی طاقت سے مسترد کر کے اقتدار سے باہر کر دیا پی ڈی ایم کا احتجاج صرف اور صرف اپنے کرپشن بچانے کیلئے جس سے قوم نے مسترد کر دیا ہے بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہو چکا ہے ترقی کے اس سفر میں پورے صوبے کی عوام مستفید ہو گی وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں بلوچستان مزید ترقی کے منازل طے کر رہا ہے صوبے سے جہالت کے خاتمے اور صحت مند قوم کی تعمیر تک ہماری جدوجہد جاری رہے گی حلقہ انتخاب کی عوام کی فلاح و بہبود کے بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

علاقہ تبوہ میں 7 سالہ عزل اور 6 سالہ بچی محرماں پانی کے تالاب میں نہاتے وقت ڈوب گئے

اوستہ محمد (آن لائن) علاقہ تبوہ میں 7 سالہ عزل اور 6 سالہ بچی محرماں پانی کے تالاب میں نہاتے وقت ڈوب گئے محرماں جاں بحق اور عزل کو طبی امداد کے بعد لاڑکانہ ریفر کر دیا گیا، تفصیلات کے مطابق گوٹھ تبوہ میں 6 سالہ محرماں دختر وقار عمرانی اور 7 سالہ عزل ولد امیر بخش جوکھیو تالاب میں بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

نہ فیس نہ وکیل، انصاف دہلیز پر، وفاقی محتسب کی بروقت مداخلت، ایک سالہ پرانا کیس صرف ایک ہفتے میں حل

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے اعلامیہ کے مطابق مسمی عبدالجلیل نے مورخہ 30 جولائی 2020ء کو وفاقی محتسب کوئٹہ میں درخواست دی کہ وہ ورکرز ویلفیئر بورڈ میں بطور استاد خدمات سرانجام دے رہا ہے اور اس کی پوسٹنگ کوئٹہ میں ہے۔ قواعد کے مطابق ورکرز ویلفیئر فنڈ W.W.F میں سے تمام ملازمین جو کہ ورکرز ویلفیئر بورڈ میں ملازم بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کے فعال اور متحرک ہونے سے حکومت خوفزدہ اور بوکھلاہٹ کا شکار ہے، جمال شاہ کاکڑ

کوئٹہ سمیت پاکستان بھر میں پی ڈی ایم کے جلسوں میں عوام کا سیلاب اپنا فیصلہ سنائے گا، سابق اسپیکر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کے فعال اور متحرک ہونے سے حکومت خوفزدہ اور بوکھلاہٹ کا شکار ہے، پی ڈی ایم کی تحریک کو زیر کرنا یا دیوار سے لگانا ناممکن ہے کوئٹہ سمیت پاکستان بھر میں پی ڈی ایم کے جلسوں میں عوام کا سیلاب اپنا فیصلہ سنائے گا۔ یہ بات انہوں نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کہی، جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ پی ڈی ایم دو سال تک ملک اور عوام کیساتھ ہونے مظالم، ناانصافیوں اور زیادتیوں بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو امن و امان کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ہماری تحریک ناجائز حکومت کی اختتام پر ہی ختم ہوگی' سید محمود شاہ

نااہل مسلط حکمرانوں سے چھٹکارا صرف سیاسی جماعتوں کا نہیں بلکہ مہنگائی اور معاشی بدحالی کے ہاتھوں پریشان عوام کا بیانیہ بن چکا ہے

بدترین مہنگائی نے ایک عام غریب انسان سے زندہ رہنے کا حق چھین چکی ہے، رکن قومی اسمبلی

سوراب (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی جنرل سیکریٹری رکن قومی اسمبلی مولانا سید محمود شاہ نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کی تحریک پوری قوم کے امنگوں کی ترجمانی ہے، نااہل مسلط حکمرانوں سے چھٹکارا صرف سیاسی جماعتوں کا نہیں بلکہ مہنگائی اور معاشی بدحالی کے ہاتھوں پریشان عوام کا بیانیہ بن چکا ہے، 25 اکتوبر کو کوئٹہ میں منعقدہ جلسہ عام نااہل حکمرانوں کے خلاف عوامی ریفرنڈم ثابت ہوگا، قوم کے رد عمل سے خوفزدہ حکمران ٹولہ پی ڈی ایم کے خلاف جرائم پیشہ، اسمگلرز اور بدعنوانی میں ملوث افراد کو اکٹھا کر کے اپنی خواہش بانگی چھپانے کی تگ و دو کر رہے ہیں جس میں انہیں بری طرح شکست ہوئی ہے، صوبے کے مختلف علاقوں میں حقیقی سیاسی جماعتوں کے مقابلے میں گمنام لوگوں کے ذریعے جعلی عوامی قوت کا مظاہرہ کرنے کی جو ناکام کوشش کی گئی اسے صوبے کی غیور عوام بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

مصر کے سفیر کی وزیر توانائی سے ملاقات، پاکستان کے توانائی کے شعبے میں تعاون پر تبادلہ خیال

حکومت کھلی اور شفاف مسابقتی بولی کے عمل کے ذریعے قابل تجدید توانائی پر مبنی پاور پلانٹس لگائے گی

پانچ سالوں میں 10 تجدید تک بائیول اور جیسٹل گرڈ میں قابل تجدید ذرائع سے بجلی پیدا کر کے پاکستان کے انرجی مکس کو میں ڈال دیا جائیگا، مراعات

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں عربی جمہوریہ مصر کے سفیر طارق ڈاہرو نے وفاقی وزیر برائے توانائی عمر ایوب خان سے ملاقات کی جس میں دونوں فریقین نے قابل تجدید توانائی منصوبوں میں کاروباری مواقع کی تلاش کرنے اور پاکستان کے توانائی کے شعبے میں تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔ وفاقی وزیر نے پاکستان کے انرجی سیکٹر، نئی متبادل تجدید توانائی پالیسی اور ملک کے توانائی کے شعبے میں اصلاحات کے لئے حکومت کی جانب سے کی جانیوالی کوششوں کا ایک جائزہ پیش کیا۔ وزیر نے گرین انرجی بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

عوام کو بنیادی ضروریات زندگی سمیت ان کے لئے آسانیاں پیدا کرنا حکومت کی ذمہ داریوں میں شامل ہے، غلام نبی مری

بی این پی کی جدوجہد کا مقصد یہی اپنے عوام کے مسائل حل کرنا اور ان کی آواز حکام بالا تک پہنچانا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری کی قیادت میں پارٹی کی وفد نے گزشتہ روز ایجنگ پوسٹ ماسٹر جنرل سعید اللہ خان کاکڑ سے انکے آفس میں ملاقات کی۔ وفد میں بی این پی کوئٹہ کے ضلعی سینئر نائب صدر ملک محی الدین لہڑی، لیبر سیکرٹری ڈاکٹر علی احمد ڈومبر انی، اور نیس پرکانی، حمید بادینی، کاول خان مری اور ملک راز محمد مری شامل تھے۔ اس موقع پر وفد کے شرکاء نے ایجنگ پوسٹ ماسٹر جنرل سعید اللہ کاکڑ کو بتایا کہ گزشتہ کئی مہینوں سے سریاب مل پوسٹ آفس، بزار گلی بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ یاسین زئی سے انجمن تاجران لورالائی کے صدر یعقوب شاہوانی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

ت

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.pk

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

15 اکتوبر 2020ء

بھارت کا ایک اور متنازعہ پن بجلی منصوبہ

بھارتی حکومت مقبوضہ کشمیر میں ایک اور متنازعہ پن بجلی منصوبہ شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ 6089 کروڑ روپے کی لاگت سے 850 میگاواٹ کا رتل پن بجلی پروجیکٹ 5 سال میں مکمل کیا جائے گا۔ یہ بھارت کا مقبوضہ کشمیر میں چھٹا بڑا پن بجلی منصوبہ ہے۔ پاکستان اگر خود کشمیر سے آنے والے دریاؤں پر ڈیم اور پانی کے ذخائر نہیں بناتا تو بھارت کو مشروط طور پر ڈیم بنانے کی اجازت ہے جو پاکستان سے اجازت لینے سے مشروط ہے مگر بھارت نے کبھی پاکستان سے اجازت لے کر کوئی منصوبہ شروع نہیں کیا۔ بھارت قبل ازیں کئی ڈیم اور پن بجلی کے منصوبے تعمیر کر چکا ہے۔ پاکستان کے متعلقہ حکام عموماً خواب غفلت میں رہے کچھ تو پاکستان سے زیادہ بھارت کے موقف کی تائید بھی کرتے نظر آئے۔ کچھ محب وطن حکام نے پاکستان کا مؤقف دنیا کے سامنے رکھا۔ کیس متعلقہ عالمی فورموں پر بھی اُٹھایا گیا مگر بھارت کی شاطر چالیں آڑے آتی رہیں جس سے پاکستان کے موقف کو خاطر خواہ پذیرائی نہ مل سکی۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ آج متعلقہ ادارے پاکستان کے حصے کے پانی کے حوالے سے اپنا کیس پوری تیاری کے ساتھ متعلقہ عالمی فورموں پر اٹھائیں تاکہ بھارت کو سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزیوں سے باز رکھا جائے۔

جس پر ماں راضی اس پر رب راضی

عابد حسین مغل

انسان کو عزت دینے کا وعدہ خود اللہ تعالیٰ کی ذات نے کیا ہوا ہے، چاہو کر بھی کوئی انسان کسی دوسرے انسان کو نہ تو عزت دے سکتا ہے اور نہ ہی ذلت میرا ایمان ہے کہ یہ سب اللہ تعالیٰ کی ذات کے فیصلے ہیں رب کی ذات کے بعد ماں واحد ذات ہے جس کی دعا سے رب کائنات بھی اپنے فیصلے تبدیل کر دیتا ہے۔ اس بات میں کوئی شک نہیں ہے کہ جو اپنی ماں کے قدموں میں بیٹھتا ہے زمانہ اس کے قدموں میں بیٹھتا ہے۔ یکم دسمبر 2019ء میں عمر سعید ملک نے بطور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ کا چارج سنبھالا وہ اس سے قبل ڈسٹرکٹ وہاڑی اور خانیوال میں بطور ڈی پی او کام کر چکے تھے۔ وہاڑی سے سینئر صحافی شاہد مرزا اور خانیوال سے طاہر نسیم نے ان کا جو تعارف کروایا تھا جب ان سے ملاقات ہوئی تو ان کو ویسے ہی فرض شناس آفیسر اور شفیق انسان پایا جیسے جیسے وقت گزرتا گیا ان کے ساتھ محبت کا رشتہ قائم ہوتا گیا۔

جرائم کے خاتمے کے لیے انہوں نے ہمیشہ کوشش جاری رکھی جرائم کی بڑی سے بڑی واردات میں ملزمان یا تو گرفتار ہوئے یا پھر مارے گئے اگر کسی جگہ سنگین واقعہ ہوا تو سرکل کا کیمپ آفس ہی اس جگہ بنا لیا ہمیشہ کامیابی ان کا مقدر بنی بچوں اور عورتوں کے ساتھ ہونے والے واقعات، اسلحہ کی نمائش اور منشیات پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا ہر صورت ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کی کوشش کی مظلوم افراد کو انصاف دلانے میں جو کر سکتے تھے کیا۔ وہ اچھے پولیس آفیسر کے ساتھ ساتھ بہت کمال کے انسان ہیں جب بھی ملاقات ہوئی پہلے سے زیادہ محبت ملی۔ پولیس لائن میں ڈرائیونگ ٹریک وسکول، دیہاتپور اور رینالہ خورد میں خدمت کا دور، ڈی پی او آفس میں یادگار شہداء، پولیس آئی سینٹر، کھلی کچہری روم ان کی تعمیری سوچ کی عکاسی کرتے ہیں وہ چلے گئے ہیں لیکن جب تک ڈی پی او آفس قائم رہے گا ان کی یادیں زندہ رہیں گی۔

عمر سعید ملک جب کسی مسئلے کے حل کے لیے نکل پڑتے تو قدرت بھی ان پر ایسے مہربان ہوتی کہ سب حیران رہ جاتے کہ یہ مسئلہ کیسے حل ہو گیا یہ بات عام ہوتی ہے کہ جب افسران ایک ضلع سے تبدیل ہو کر دوسرے ضلع میں تعینات ہوتے ہیں تو پہلے ضلع کے لوگوں کے نمبر ختم کر کے نئے ضلع کے دوستوں کے نمبر اپنے پاس ماخذ کر لیتے ہیں ان کی تعیناتی میں جو بھی اہم کارسماجی وہاڑی یا خانیوال سے ملاقات کے لیے آیا سب کچھ چھوڑ کر ان کو ٹائم دیا اور باقی دوستوں کے حال چال بھی لازمی پوچھا ایسے گفتگو کرتے کہ جیسے وہ اب بھی اسی ضلع میں تعینات ہیں یہ بات بہت کم لوگوں میں ہوتی ہے کہ بغیر کسی کام کے کسی کو عزت دے۔

ان پر قدرت کی بڑی مہربانی ہے ان کا مثالی اخلاق اچھے خون اور ماں باپ کی اچھی تربیت کی نشانی ہے۔ 1982ء سے آج تک درجنوں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر آئے اور چلے گئے ان میں چند ایک ہی ہیں جو اپنے کام کی وجہ سے اپنی یادیں چھوڑ گئے ہوں کچھ تو ایسے ہیں جن کے نام دفتر کے عملہ کو بھی یاد نہیں ہوں گے۔ 10 سال کی ہی بات کر لی جائے تو کئی آئے اور کئی گئے بابر بخت قریشی، محمد فیصل رانا اور حسن اسد علوی وہ نام ہیں جن کو اوکاڑہ کی عوام کسی نا کسی طرح یاد ضرور کرتی ہے۔

عمر سعید ملک صرف 10 ماہ بطور ڈی پی او تعینات رہے ہیں ضلع اوکاڑہ کی عوام نے ہمیشہ افسران کو عزت دی ہے لیکن جو عزت اور محبت عمر سعید ملک کے حصہ میں آئی ہے تاریخ میں وہ کوئی دوسرا حاصل نہیں کر سکا ہے جس طرح اوکاڑہ کے سیاسی، سماجی، کاروباری، مذہبی، صحافتی حلقوں نے الوداع کیا ہے اس محبت اور پیار کی ماضی میں کوئی مثال نہیں ہے۔ شہر میں جگہ جگہ پھولوں کی پتیوں سے شاندار استقبال قدرت کی مہربانی کی تصویر ہے یہ وہ محبت اور پیار ہے جو وہ بطور ڈی پی او عوام کو دیتے تھے آج عوام نے جمع کر کے ان کو واپس کر دیا ہے ان کی کامیابی کے پیچھے جو ہاتھ ہے اس کے بارے میں راقم 4 دسمبر 2019ء کو اپنے کالم میں لکھ چکا ہے ان کے اوکاڑہ تعیناتی کے وقت جب ان کا نمبر اپنے موبائل میں ماخذ کیا تو آئی ڈی پر لگی تصویر نے ان کے عروج کی ساری کہانی بیان کر دی تھی۔ جو بطور ایس ایس پی اپنی ماں کے قدموں بیٹھے اور خدا کی ذات اس کو عروج اور کامیابی سے نہ نوازے یہ ہو کیسے سکتا ہے۔ جس پر ماں راضی ہو جائے اس پر تو رب راضی ہو جاتا ہے اور پھر اس کو خدا اپنے بندوں کے ذریعے اسی طرح عزت سے نوازتا ہے۔

☆☆☆☆☆

قیدی بھی توجہ کے مستحق ہیں

قادر خان یوسف زئی

عموماً جیل کے حوالے سے یہ تاثر قائم ہے کہ یہاں سوائے "جرم" کے کوئی اور معاملات نہیں ہوتے۔ درحقیقت "جرائم کی یونیورسٹی" کہلانے والی جیل میں قیدیوں کی زندگیوں پر سنجیدگی سے بھی توجہ نہیں دی گئی۔ قیدی کس حال میں ہیں، کس طرح اس کی زندگی بسر ہو رہی ہے اور اس کے خاندانوں پر کیا اثرات رونما ہو رہے ہیں؟ اس سے آزاد دنیا کے دانشور لاتعلق ہیں۔ قید خانے کی دیواریں کاٹنے کو دوڑتی ہیں، اگر کوئی قیدی خود کو مصروف نہ رکھے۔ اس لیے زیادہ تر قیدی جیل میں آزادانہ گھومنے پھرنے اور وقت گزارنے کے لیے مشقت کرنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ اس طرح وہ سارا دن مصروف بھی رہتے ہیں اور تھک ہار کر رات بھر سو جاتے ہیں۔ بعض قیدی سکون کے لیے نشہ آور ادویات یا منشیات کی جانب راغب ہوتے ہیں اور ان کا یہ ماننا ہوتا ہے کہ نشے کے بغیر جیل کاٹنا ناممکن ہے۔

یہ تاثر درست نہیں ہے کہ منشیات کے استعمال کے بغیر جیل نہیں کاٹی جا سکتی اور یہ تاثر بھی درست نہیں کہ جیل میں اسیر قیدی درشت مزاج اور سخت گیر کیفیت کے حامل ہوتے ہیں۔ بظاہر ایسا سمجھا جاتا ہے کہ خطرناک قیدیوں کی آنکھوں میں خون اترا ہوگا، کوئی بات کرے گا تو وہ اس کی جان لے لے گا، بے ضرر قیدی کی روح قبض کر لی جاتی ہوگی۔ غیر وہ غیرہ۔ جیل میں شکوے بھی نہیں پھوٹتے کہ ہر قیدی خوش وخرم زندگی بسر کر رہا ہوگا لیکن بعض اوقات بڑے دلچسپ واقعات یادگار بن جاتے ہیں۔

قیدی، کسی بھی جرم میں آیا ہو، اپنی بالادستی قائم رکھنا چاہتا ہے۔ کسی کا دباؤ برداشت نہیں کرتا۔ مذہب کے معاملے میں بھی بڑا حساس ہوتا ہے، لیکن ان کے درمیان باہمی اتفاق کا مظاہرہ بھی بڑا متاثر کن ہوتا ہے۔ اسے کسی ڈر وخوف سے بھی تعبیر کیا جا سکتا ہے کہ بیرک آؤٹ نہ ہو لیکن بہر طور یہ ثابت کرتا ہے کہ اگر جیل کے اندر ایسا ماحول بنا کر دے دیا جائے تو مذہب اور مسلک بھی فروعی بن جاتے ہیں۔ جیلوں کے اندر، مختلف جہادی، مذہبی، فرقہ وارانہ تنظیموں و سیاسی گروپوں سے تعلق رکھنے والے قیدیوں کی بڑی کثیر تعداد بھی ہوتی ہے۔ لیکن سب ایک نظم وضبط کے قاعدے اور لڑی میں میکانکی طور پر جڑے ہوتے ہیں۔

چند واقعات کا تذکرہ کروں گا، جو بیشتر قیدیوں کی مزاج کی عکاسی کرتے ہیں جس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ جیلوں میں اسیر قیدی توجہ کے طلب گار ہیں۔ ایک بار دوران تدریس قاری صاحب نماز کی شرائط یاد کروا رہے تھے، جن میں 1۔ طہارت۔ 2۔ ستر عورت (ناف سے لے کر گھٹنے تک کے حصے کو ڈھکا ہوا)۔ 3۔ استقبال قبلہ۔ 4۔ وقت۔ 5۔ نیت۔ 6۔ تکبیر تحریمہ۔ اس حوالے سے جب مشق کے بعد قیدیوں سے پوچھا گیا تو ایک قیدی بھول گیا اور اس نے "ستر عورت" کے بجائے "دوسری عورت" کہہ دیا۔ قاری صاحب اچھل پڑے کہ کیا، دوسری عورت؟ قیدی سمجھ گیا کہ غلطی ہو گئی ہے تو برجستہ کہا کہ دوسری نہیں تو "تیسری عورت" ہوگی۔

عموماً مختلف بیرکوں میں امامت کے فرائض قیدی ہی سرانجام دیتے ہیں۔ چونکہ وہ وقتی امام ہوتے ہیں اس لیے کچھ نہ کچھ غلطیاں ہوتی رہتی ہیں۔ باقاعدہ سرکاری امام مساجد کے لیے ہوتے ہیں۔ ایک بار بیرک میں قیدی امام، دوران سجدہ غائب ہو گئے۔ تمام مقتدی تکبیر کا انتظار کرتے رہے لیکن کافی دیر جب جواب نہ ملا تو ایک قیدی سر اٹھا کر چلایا کہ "ارے امام تو غائب ہے"۔ سب نے تلاش کیا تو پتہ چلا کہ کسی دوسرے قیدی کے گھر کے کھانے کی خوشبو اس سے برداشت نہ ہوئی تو وہ کھانا کھانے چلا گیا۔

ایک بار غسل خانے میں نہاتے ہوئے ایک قیدی کے کپڑے چھپا لیے گئے۔ وہ قیدی پہلے شور شرابا اور گالیاں بکتا رہا، لیکن دوسرے قیدی اس کا مذاق اڑاتے رہے اور اسے ویسے ہی باہر آنے کا کہہ کر ہنستے رہے۔ ان کا بنیادی مقصد صرف ہنسی مذاق تھا اور اس سے اپنی شرائط منوانے کی ضد کی گئی، لیکن قیدی بھی چالاک نکلا اور اس نے کہا کہ چلو میرے کپڑے رکھ لو، میں دوسرے کپڑے پہن لیتا ہوں۔ وہ تنگ دھڑنگ نکل آیا جس پر تمام قیدی بھاگ کھڑے ہوئے اور اس نے بیرک میں جا کر دوسرے کپڑے بدل لیے۔ اسی طرح ایک قیدی کو اتنا تنگ کیا گیا کہ اسے رات بھر سونے نہیں دیا جاتا۔ وہ روہانسا ہو کر ہاتھ جوڑتا کہ خدا کے لیے بھائی! اسے سونے دو۔ زیادہ تر قیدی، اپنے ساتھی قیدیوں سے اس قسم کا مذاق بھی کرتے نظر آئے کہ شام کے وقت کسی اہلکار کو کہہ دیا کہ فلاں کا نام لو کہ اس کی ریلیز آئی ہے۔ وہ قیدی خوش ہو کر جب بیرک سے باہر نکلتا اور پوری بیرک ہنس پڑتی اور وہ جھینپ جاتا کہ اسے بے وقوف بنا دیا گیا۔

بعض قیدی مشہور گانوں کی پیروڈی کر کے اسے پولیس پر منسوب کر دیتے اور بعض قیدی، بیرک میں آنے والے نئے قیدی کے ہاتھ میں جگ تھما دیتے کہ فلاں فلاں راستے سے جاؤ اور بھینسوں کے باڑے سے دودھ لے آؤ۔ وہ بیچارا جگ لے کر گھومتا گھومتا جیلر کے آفس کے سامنے پہنچ جاتا، پھر ظاہر ہے کہ اس کا مذاق بن جاتا۔ بعض قیدی کورٹ جانے والی گاڑی کی جالیوں سے باہر شہریوں کو تنگ کرنے کی وجہ یہ بتاتے کہ وہ غصہ ہوگا اور کہہ اٹھے گا کہ "ابے! تو باہر نکل میں دیکھ لوں گا"۔ اس طرح ہو سکتا ہے کہ ہماری (دعا) نہیں اُن کی سن لی (جائے) اور ہماری ریلیز آ جائے۔ ایک بار برسوں سے قید ایک قیدی نے غلطی سے قبلہ رخ کے برخلاف نماز پڑھ لی، شام کو وہ اچانک ریلیز ہو گیا۔ اگلے دن دیکھا کہ پوری بیرک الٹی نماز پڑھ رہی ہے۔ پوچھا یہ کیا؟ تو جواب ملا کہ فلاں قیدی الٹا قبلہ رخ ہونے پر برسوں بعد رہا ہو گیا۔ ہم بھی اس طرح نماز پڑھ رہے ہیں تاکہ ہم بھی رہا ہو جائیں۔

لاتعداد قصے وشگوفے ثابت کرتے ہیں کہ قیدیوں میں انسانیت زندہ ہے کیونکہ ان میں سادگی اور حس مزاح (بھی) موجود ہے، انہیں صرف توجہ کی ضرورت ہے۔ جیلوں انتہائی زبوں حالی کا شکار ہیں، جس سے براہ راست سے قیدی بھی متاثر ہوتے ہیں۔ معاشرے میں اصلاح خانوں کے نام پر عقوبت خانوں میں قیدیوں کو معاشرے کا کارآمد شہری بنایا جا سکتا ہے یا نہیں اس امر پر سنجیدگی سے غور وفکر وعملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ جیل سے باہر اور اندر بڑھتے جرائم کے واقعات اور جیل خانوں میں جرائم پیشہ گروپوں کے ساتھ ان کے روابط سنگین جرائم کا باعث بن جاتے ہیں، ارباب اختیار جیلوں کو سزا دی جانے والی عمارت کے ساتھ حقیقی معنوں میں اصلاح خانے بنانے کی جانب توجہ دینا معاشرے کے حق میں بہتر ہوگا۔

غلامی کی نشانی

نزہت جہاں ناز

قارئین!۔۔۔ ہمارا معاشرہ اگر آج بھی غلامی کی زنجیروں سے خود کو آزاد نہیں کر پایا تو یقیناً یہ اس کی اپنی سوچ، اپنی فکر اور اپنے خیال کے زاویے ہیں کہ جن کے باعث تمام تر آزادی کے باوجود وہ خود کو پابند سلاسل پاتا ہے۔

اگر ہم اپنے اس معاشرے کا سرسری سا جائزہ لیں تو یہاں ایک طرف تو ہماری عوام ہے جو ظاہری ہیئت و صورت میں تو آزاد ہے مگر جس کی ذہنی وفکری قوتیں سلب ہو چکی ہیں وہ سنتی ہے تو دوسروں کے کانوں سے، بولتی ہے تو اوروں کی زبان سے اور دیکھتی ہے تو وہ جو اسے دوسرے دکھانا چاہیں یعنی اس کی اپنی کوئی سوچ یا فکر ہے ہی نہیں اور اس کی یہ حالت محض زبان کے معاملے ہی میں نہیں بلکہ زندگی کے بیشتر معاملات میں ہے جن میں مذہبی اور تہذیبی تصورات بھی شامل ہیں۔۔۔ دوسری طرف ہیں ہمارے وہ حکمران جنہوں نے اپنی عیاشی اور نفسانی خواہشات کے گہرے گمبھیر میں ڈوب کر قوم کے مستقبل کو داؤ پر لگا دیا۔ اب ایسی صورت حال میں یہ حکمران بہت آرام سے عوام پر راج کر سکتے ہیں اور اپنے کسی عمل کے لیے اس کے سامنے جوابدہ بھی نہیں ہوتے۔ ہاں مگر خیال رہے کہ حکمران بھی عوام ہی میں سے نکل کر منظر عام پر آتے ہیں لہٰذا جب تک ہر انسان انفرادی طور پر اپنی کردار سازی نہیں کرتا، مکافات عمل کے نتیجے میں اس پر ایسے ہی حکمران مسلط کیے جاتے رہیں گے۔ (جاری ہے)

کرونا ایک سپیڈ بریکر

ممتاز ملک، پیرس

اللہ پاک نے انسان کو ایسی ایسی خصوصیات سے نواز رکھا ہے جس کا اکثر علم خود اسے بھی مرتے دم تک نہیں ہو پاتا۔ کرونا نے ہمیں زندگی گزارنے کا نیا انداز سکھایا ہے یا یوں کہیئے کہ ایک سے ڈیڑھ صدی بعد دوبارہ سے پچھلی زندگی کی جانب لوٹایا ہے۔ ہم جو سرکش گھوڑے کی طرح بے لگام بے تکے مقاصد کے حصول کے لیئے سرپٹ دوڑے جا رہے تھے۔ نہ ہمارے پاس خدا کی یاد کے لیئے وقت تھا نہ ہی رشتوں کے لیئے۔ وہاں کرونا ایک سپیڈ بریکر کی طرح ہماری زندگیوں میں داخل ہوا۔

تب ہمیں کھل کر معلوم ہوا کہ ہمیں کسی کا خوف نہیں سوائے موت کے۔ چلو شکر ہے کہ موت کا ہی سہی کچھ خوف تو ہے ابھی۔ لیکن یہ بھی چند ہی روز میں جاتا رہا۔ اب ہم کب تک مرغیوں کی طرح گھر کے ڈربے میں دبک کر بیٹھتے۔ ہمارے بنا بازار ویران ہیں۔ سینما خالی۔ ریسٹورینٹ اجاڑ اور جانور سکھی۔ ہواؤں نے سکھ کا سانس لیا۔ ندیاں گنگنائیں۔ آسمان صاف اور اجلا ہو گیا۔ سورج کی روشنی اور بھی روشن ہو گئی۔ چاند اور بھی جگمگا اٹھا۔ حد تو یہ ہے کہ اکثر جنگلوں سے جانور انسان نامی درندے کو ناپید سمجھ کر شہروں اور سڑکوں پر مٹر گشتی کرنے کو نکل پڑے۔

پہلے سالوں دہائیوں بلکہ صدیوں کے لیئے کہانی کا آغاز یہ کہہ کر کیا جاتا تھا کہ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ۔۔۔۔ اور آج ہم اس زمانے میں ہیں کہ محض کچھ روز میں ہی ہم اس آغاز تک آ پہنچے جیسے کہ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ لوگ ایک ملک سے کسی دوسرے ملک میں کسی پروگرام میں شرکت کرنے لیئے جانے کے واسطے ہفتوں مہینوں پہلے ٹکٹ لیا کرتے تھے۔ ویزا لیا کرتے تھے۔ پھر جانے کے لیئے خاص ملبوسات خریدے جاتے یا بنوائے جاتے تھے۔ پروگرام کی نوعیت کے حساب سے مواد تیار کیا جاتا تھا۔ اپنے کاموں سے چھٹیاں لی جاتی تھیں۔

لوگ مخصوص دن اور وقت پر ٹکٹ لیئے ایئرپورٹ پہنچتے۔ گھنٹوں کا سفر کرتے۔ منتخب منزل تک پہنچتے۔ لوگ انہیں ایئرپورٹ پر لینے بھی آیا کرتے تھے۔ ان کی رہائش کا انتظام کیا جاتا۔ کئی لوگوں کو ان کو گھمانے اور کھلانے پلانے کی ذمہداری دی جاتی تھی۔ پروگراموں میں ان کی کئی روز شرکت ہوتی۔ جاتے ہوئے ایک لفافہ انہیں شکریے کیساتھ تھمایا جاتا۔ پھر وہ ہزاروں میل کا سفر کر کے اسی طرح واپس ہوا کرتے تھے۔ ففففففف۔

سوچیئے آپ پڑھتے پڑھتے تھک گئے تو جانے اور بلانے والوں کا کیا حال ہوتا ہوگا۔ پھر بھی خاطر مدارات آو بھگت میں حسب توفیق مہمان و میزبان کیڑے نکال ہی لیا کرتے تھے۔ یہ ہیں پچھلے زمانے کی باتیں یعنی قبل از کرونا کی۔

اور بعد از کرونا راوی کتنے چین ہی چین لکھتا ہے۔ سچ پوچھیں تو دوڑتی زندگی کو سانس لینے کا موقع دیا ہے اس کرونا سپیڈ بریکر نے۔

نہ اچانک آ دھمکنے والے مہمان ہیں تو نہ ہی خاطر سارا سارا دن کچن میں کھپنے کی چخ چخ۔ نہ ہی بے تکلفی کے نام پر بدتمیز دوست جو طوفان کی طرح آپ کا ہر شیڈول تباہ کرنے میں اہم رول نبھاتے ہیں۔ نہ دوڑ دوڑ کر بسیں ٹرین لینے کا جھنجھٹ ہے۔ پھر بھی ہم ساری دنیا سے رابطے میں ہیں۔ ادھر انگلی لگائی ادھر جادوئی آئینہ ہمارے روبرو ہمارے مطلوب حاضر ہیں۔

کبھی شاعر نے فرمایا تھا کہ

دل کے آئینے میں ہے تصویر یار
بس ذرا گردن جھکائی دیکھ لی

اگر وہی شاعر آج موجود ہوتے تو یقیناً فرماتے کہ

یہ جہاں آباد موبائل میں ہے
بس ذرا انگلی سے چھو کر دیکھ لو

جام جہاں نما کی طرح اس چھوٹی سے سکرین میں انٹرنیٹ کا جادو پھونکیئے اور ادھر سے دنیا کے کسی بھی کونے سے دعوت ملی، ادھر آپ نے اپنی مصروفیات کا کیلنڈر دیکھا، یہاں آپ نے اوکے کیا۔ وہاں آپ کا پاسپورٹ بن گیا۔ لوجی مقررہ روز دنیا بھر کا میلہ ایک کلک پر اکٹھا ہو گیا۔ نہ میک اپ اور ملبوسات کی پریشانی اور نہ وقت کا ضیاع۔ خواتین تو آرام سے لپ اسٹک لگا کر صرف دوپٹہ ہی تبدیل کر کے بیٹھ جائیں تو نئی نئی لگنے لگتی ہیں

وہاں وہاں سے لوگ اکٹھے ہو گئے جہاں سے آپ ایک ساتھ ملاقات کا تصور بھی نہیں کر سکتے تھے۔

وہ وہ قیمتی ہستیاں آپ کے روبرو موجود ہو گئی۔۔ پروگرام کے میزبان کی بھی ویگ لگی نہ بھنگوی اور رنگ بھی چوکھا آئے کے مصداق واہ واہ ہو گئی۔ جبکہ عام حالات میں یعنی قبل از کرونا میں ایسے عالمی پروگرام کے انعقاد پر تنظیمات کے کروڑوں روپے لگ جاتے جس میں بیس پائیس ممالک سے مہمانان کو بلانے، ٹھہرانے، ٹہلانے، لانے، لیجانے اور نوازنے کا موقع ہوتا تو۔ ہو سکتا ہے آگے چل کر اس میں بھی مہمانان کسی فیس کا مطالبہ کر دیں۔ لیکن فی الحال تو یہ ٹرانسمیشن کی ابھی آزمائشی نشریات ہیں۔ آگے آگے دیکھیئے ہوتا ہے کیا۔۔

گھروں میں سکون ہو گیا ہے۔ ہر ایک خاموشی سے فون یا لیپ ٹاپ پر اپنا کام بھی کیئے جا رہا ہے۔ گھر سے بھی وابستہ ہے۔ اور دنیا بھی نبھا رہا ہے۔ کوئی کچھ بھی کہے زمانہ بعد از کرونا نے ہمیں تو بہت آرام دیا۔ کرونا تیرا شکریہ

بس کسی کے پیارے اس سے جدا نہ ہوں تو اس زمانے نے ہمیں زندگی کا نیا سبق پڑھا دیا ہے۔ کہ دنیا ہم سے پہلے بھی چل رہی تھی اور ہمارے بعد بھی چلتی رہے گی سوا اپنے آپ کو میں میں کا تڑانہ سنانے سے باز آ جاؤ۔۔۔

میرا ایک قطعہ ہے کہ

تجھے ڈھونڈنے نکلتے کسی روز پای لیتے
مگر ان ہتھیلیوں میں وہ سفر کہیں نہیں تھا
میں ہوں خوش گمان ورنہ مجھے سوچنا تھا لازم
میرے جانے سے اجڑتا وہ شہر کہیں نہیں تھا

انسان کی سوچ اور حالات سے شکوہ

کردہ مفسر مریم مرزا

کریم کے مہربان ورحیم ہونے پر کہ اگر ہم کبیرہ گناہوں سے بچتے تو وہ غفور الرحیم ہماری چھوٹی چھوٹی غلطیوں پر ہماری گرفت نہیں فرمائے گا بلکہ انشاء اللہ ہمیں بخش دے گا۔ ہم سب کو اپنے اندر جھانکنا ہے کسی کے قصور گننے کا وقت ہمارے پاس نہیں ہونا چاہیے۔ چلیں ایک طرف ہم کورونا کو جھٹلا دیتے ہیں مان لیتے ہیں کہ ایسا کچھ نہیں لیکن کیا ہم اپنے اعمال پر مطمئن ہیں؟

ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ موت اٹل ہے ہر حال میں آ کر رہے گی اس سے کوئی بھی نہیں بچ پایا، ہمیں معلوم نہیں کب کیسے کس حال میں ہم نے ایل لمحہ میں اللہ تعالیٰ کے روبرو پیش ہونا ہے۔ کم از کم اتنی تیاری تو ہماری ہونی چاہیے کہ قبر میں خالی ہاتھ نہ جائیں۔ رمضان المبارک میں زیادہ سے زیادہ اعمال حسنہ کرنے کی کوشش میں رہیں۔

کوئی جان کسی جان کا بوجھ نہ اٹھا پائے گی جس نے جو عمل کا اس کی سزا و جزا اس کے اپنے سر ہے۔ قرآن مجید میں بہت سے مقامات پر اللہ رب العزت نے فرمایا کہ دوسری قوموں نے بھی اپنے انبیاء کرام علیہم السلام سے معجزے طلب کیے۔ اللہ تعالیٰ نے معجزے دیے لیکن پھر بھی انھوں نے اللہ کے یکتا ہونے کو جھٹلایا اور انبیاء سے بدکلامی اور کفر کیا تو انبیاء نے انہیں کہا ٹھیک ہے تم ایمان نہیں لانا چاہتے نہ لاؤ "وما علینا الا البلاغ المبین" تم ایمان لاؤ نہ لاؤ یہ تم پر وبال ہے۔ ہمارا کام صرف اللہ کا پیغام پہنچانے کا ہے ہم تمہارے اوپر داروغہ نہیں ہیں، بلکہ ہم اپنی جان کے بارے میں بھی کسی اچھے یا برا ہونے کا اختیار نہیں رکھتے۔

بات کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں مہلت دیے ہوئے ہے۔ اور قیامت کا اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو علم نہیں کب کیسے کن حالات میں رونما ہونے والی ہے۔ چونکہ حضرت اسرافیل علیہ السلام صور منہ میں لیے ہوئے ہیں۔ لوگ بھی اپنے آپ کو بدلنے کی کوشش نہیں کر رہے۔ بجائے اس کے کہ ہم دوسروں کے بارے میں یا حکومت کو تنقید کریں تو یہ بھی غلط ہوگا۔ کیونکہ یہ سب حالات ہماری وجہ سے بھی ہیں ہم اس کے انکاری نہیں ہو سکتے۔

ایک ہستی نے صرف ایک ہستی سرور کونین احمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے پوری دنیا میں اسلام پھیلایا۔ حالانکہ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم امی نبی و رسول ہیں۔ نبوت سے پہلے بھی لوگ ان کو عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھتے تھے کیونکہ آپ صادق و امین ہیں اور انہیں القاب سے پکارے جاتے تھے۔ ہم نے اپنے رسول سیدنا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے اسوۂ حسنہ پر چلنا ہے اور یہ ہم فرض ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا کہ جس نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کی تو اس نے اللہ ہی کی اطاعت کی۔ اس کالم کا مقصد یہ ہے کہ ایک ایک انسان کی وجہ سے یہ حالات ہیں۔ ہم سب کو خود کیلیے بدلنا ہوگا۔ کورونا کے علاوہ بھی ہمیں نیکیوں میں بڑھنا ہوگا۔ صرف کورونا کے ڈر سے نہیں بلکہ کورونا کے علاوہ بھی کوئی بیماری ہو سکتی ہے بیماری نہ بھی ہو موت تو آنی ہی ہے جس کے لیے ہماری تھوڑی بہت تیاری ہونی چاہیے۔ لازماً ہمیں بھی اپنی زبان ایسی رکھنی چاہیے کہ لوگوں کو بھی کل اگر ہماری گواہی دینی پڑے تو وہ ہمیں سچا کہہ سکیں۔ ورنہ آج کل بھی میں نے ایسے بہت سے لوگ دیکھے ہیں یوں جھوٹ بول رہے ہوتے ہیں جیسے ان کو کوئی بڑی رقم مل رہی ہو۔ ایسے مرد حضرات کا ہونا عام بات ہے جو اپنے گھر میں جھانکے بغیر دوسروں کی بہن بیٹیوں کو ایسے بدنام کر رہے ہوتے ہیں کہ ان کو اپنی بیٹیاں بھول چکی ہوں۔ یا ان کو یہ کارنی مل چکی ہو کہ ان کی بیٹیوں کا انجام پہلے سے تبہ ہو چکا ہے ان کے مقدر میں ذلالت لکھی جا چکی ہے۔ کسی کی لڑکی کے بارے میں سچا ہو یا جھوٹا بہتان باندھو گے یا اسے بدنام کرو گے تو یہ پلٹ کر آپ کے ہی گھر آئے گا۔ اگر آپ نے کسی کے بارے جھوٹ اٹھایا تو وہی کام سچ میں آپ کی بہن بیٹی کو کرنا ہوگا اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ اور بھی ساتھ سزا دے گا۔ لیکن گمراہی کچھ لوگوں کا مقدر ہو چکی ہے ظاہری سے بات ہے جو اللہ کی راہ میں مرنا پسند نہیں کرتا تو اس کی موت کیسی ہوگی؟ میری اللہ پاک سے دعا ہے کہ اللہ پاک ہمیں دوسروں پر انگلیاں اٹھانے کی بجائے اپنے اندر جھانکنے کی توفیق عطا فرمائے تو ملک بھی ٹھیک ہو جائے گا اور حکومت بھی۔

☆☆☆☆☆

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)



پاکستانی معیشت کورونا سے متاثر ہے۔ آئی ایم ایف

عادل عدل طلب ہے

خبر سے خبر تک
شیخ فرید
fareedqta1963@gmail.com

ہمارے ملک میں عدل وانصاف کی فراہمی توجہ طلب ہے شاہ فیصل کالونی میں شہید کیے گئے مولانا ڈاکٹر محمد عادل خان کی عمر 63 سال تھی، مرحوم عالم اسلام کے معروف علمی شخصیت شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان کے بڑے صاحبزادے تھے۔ 1973 میں دینی درسگاہ جامعہ فاروقیہ سے ہی سند فراغت حاصل کی، کراچی یونیورسٹی سے 1976 میں بی اے ہیومن سائنس، 1978 میں ایم اے عربی اور 1992 میں اسلامک کلچر میں پی ایچ ڈی کی، مولانا ڈاکٹر محمد عادل خان نے ملائیشیا کوالپور کی مشہور یونیورسٹی میں 2010ء سے 2018 تک کلیۃ معارف الوحی اور انسانی علوم میں بطور پروفیسر خدمات انجام دیں۔ 2018 میں ریسرچ وتصنیف وتحقیق میں ملائیشیا ایئر ایکویشن کی جانب سے فائیو اسٹار رینکنگ ایوارڈ سے نوازا گیا، یہ ایوارڈ آپ کو ملائیشیا کے صدر کے ہاتھوں دیا گیا۔ وفاق المدارس العربیہ کے مرکزی کمیٹی کے سینئر رکن اور وفاق المدارس کی مالیات نصابی اور دستوری کمیٹی جیسی بہت سی اہم کمیٹیوں کے چیئرمین بھی رہ چکے ہیں۔ مولانا ڈاکٹر عادل خان کو اردو انگلش اور عربی سمیت کئی زبانوں پر عبور حاصل تھا، وہ بہترین معلم، خطیب اور ادیب ہونے کے ساتھ ساتھ علوم القرآن، علوم الحدیث، تعارف اسلام، اسلامی دنیا، اسلامی معاشیات، اخلاقیات فقہی مسائل آیات احکام القرآن اور احکام فی الاحادیث، مق

شال بقیہ 1

سائل وسطی ایشیا میں جس کا گیٹ وے بلوچستان، پاکستان اور افغانستان ہیں۔ پاکستان پر دہشتگردی کی معاونت کا الزام تھا لیکن آج بھارت کے راز افشاں ہو رہے ہیں بھارت نے کشمیر کے 80 لاکھ لوگوں کو اپنے حق سے محروم کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر موسیٰ خیل، رکن صوبائی اسمبلی مبین خان خلجی، شریف جوگیزئی، نصیب اللہ بلیدی و دیگر بھی موجود تھے۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کشمیر کمیٹی کے چیئرمین شہر یار آفریدی نے کوئٹہ میں دہشتی بم حملے کی مذمت کی اور کہا کہ دشمن نے ایک مرتبہ پھر ملک کی بنیادیں ہلانے کی ناکام کوشش کی ہے ایسے کوششوں سے پاکستانی قوم مرعوب نہیں ہوگی۔ بلوچستان نے 1989 سے بہت نشیب و فراز دیکھے۔ وزیراعظم عمران خان ان لوگوں کے لئے امید کی کرن ہے جو مایوسی کی طرف چلے گئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے رہنے والوں سے جب تعارف ہوا انکی نظریں عمران خان پر مرکوز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج سول اور ملٹری قیادت ایک پیج پر ہیں یہی وجہ ہے کہ پاکستان مثبت رخ پر گامزن ہے۔ وہ جو لوگ بلوچستان کو پفرزون بنانے کا سوچ رہے تھے وہ اپنے منصوبوں میں مکمل طور پر ناکام ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اداروں کو لوٹنے اور عوام کی حقوق کو پامال کرنے والوں کا دور چلا گیا۔ انہوں نے کہا کہ آج پاکستان پرامن ملک ہے وزیراعظم نے دنیا کے 72 ممالک کے ویزے کو اوپن کر دیا ہے کسی بھی ملک کا سیاح پاکستان کے کسی بھی کونے میں جا سکتا ہے۔ ہم پر ملک ہر فتح جنریشن وار مسلط کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر چل رہی ہے حکومت تمام اسٹیک ہولڈر کو ساتھ لیکر چل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی قیادت کو وزیراعظم نے اعتماد میں لیا۔ انہوں نے کہا کہ آج پاکستان کے بارے میں وزیراعظم بہتر پالیسی تشکیل دے رہے ہیں، دنیا وزیراعظم کی تعریف کر رہی ہے۔

شال بقیہ 2

متعلق سول ہسپتال کے ترجمان وسیم بیگ نے تصدیق کی کہ 5 زخمیوں کو ہسپتال لایا گیا۔ جبکہ دیگر کو بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے دوسری جانب وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کمشنر روڈ کوئٹہ پر دہشتی بم حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے واقعے کی رپورٹ فوری طور پر طلب کر لی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بے گناہ افراد کو نشانہ بنانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں دہشتی بم حملے میں زخمی ہونے والوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات فراہم کی جائیں انہوں نے سیکورٹی نافذ کرنے والے اداروں کو ہدایت کی کہ پولیس اور ضلعی انتظامیہ دہشت گردی کی اس بزدلانہ کارروائی میں ملوث عناصر کو فوری قانون کی گرفت میں لائے۔ اس سے قبل اگست کے مہینے میں صوبہ بلوچستان کے علاقے چمن کے مال روڈ پر دھماکے کے نتیجے میں 5 افراد جاں بحق اور 14 زخمی ہو گئے تھے۔ پولیس افسر نے بتایا تھا کہ نامعلوم شرپسندوں نے سڑک کنارے کھڑی موٹر سائیکل میں دھماکا خیز مواد نصب کیا تھا جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا تھا۔ قبل ازیں جولائی کے بلوچستان کے شہر تربت کے بازار میں دھماکے کے نتیجے میں ایک فرد جاں بحق جبکہ 7 افراد زخمی ہو گئے تھے۔ اس سے قبل مئی کے مہینے میں بلوچستان میں ایک بم دھماکے اور عسکریت پسندوں سے فائرنگ کے تبادلے میں ایک جونیئر کیپٹن افسر سمیت 7 جوان شہید ہو گئے تھے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کمشنر روڈ کوئٹہ پر دہشتی بم حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیگناہ افراد کو نشانہ بنانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں وزیراعلیٰ نے متعلقہ حکام سے واقعے کی رپورٹ طلب کرتے ہوئے دہشتی بم حملے میں زخمی ہونے والے افراد کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات کی فراہمی کی ہدایت کی ہے وزیراعلیٰ نے زخمی افراد کی جلد صحت یابی کی دعا کرتے ہوئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ایسے بزدلانہ کارروائیوں میں ملوث عناصر کے خاتمے اور انہیں قانون کی گرفت میں لانے کی ہدایت کی ہے۔

شال بقیہ 3

مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشتگردی میں ملوث عناصر کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے، امن و امان اور سیکیورٹی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے متعلقہ ادارے اپنا بھرپور کردار ادا کریں ※ معصوم و بے گناہ افراد کو نشانہ بنانا صرف غیر انسانی بلکہ انتہائی بزدلانہ عمل ہے ※ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے امن و امان اور سیکیورٹی صورتحال سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا ※ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حافظ عبدالباسط ※ ڈائریکٹر جنرل لیویز بلوچستان مجیب الرحمن شمیرانی، کمشنر کوئٹہ ڈویژن اسفندیار کاکڑ ※ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ میجر (ر) اورنگزیب بادینی سمیت سیکیورٹی اداروں کے اعلیٰ حکام و نمائندوں نے شرکت کی ※ وزیر داخلہ نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کی صورتحال کو ہر ممکن یقینی بنایا جائے اور اس حوالے سے تمام تر ضروری اقدامات اٹھائے جائیں ※ غیر ضروری چیک پوسٹوں کو کم کر کے جو ائنٹ چیک پوسٹ کا قیام عمل میں لایا جائے تاکہ عوام کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ صوبائی حکومت عوام کے مشکلات کم کر کے سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا چاہتی ہے جس کے لیے امن و امان کا ہونا انتہائی ضروری ہے۔ اسکے علاوہ وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو نے متعلقہ انتظامیہ کو جعلی لوکل و ڈومیسائل کی سنجیدگی سے چھان بین کرنے کی بھی ہدایت کی، اجلاس میں وزیر داخلہ کو صوبے میں امن و امان اور سیکیورٹی صورتحال سے متعلق تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی۔

شال بقیہ 4

کہ برداشت کے فروغ اور تعمیری سرگرمیوں کو اپنی ترجیحات کا حصہ بناتے ہوئے ہم سب کے لیے انسانی حقوق کے تحفظ کا عزم کیے ہوئے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ اسلاموفوبیا کے خلاف احترام باہمی کی حمایت میں بھی ہمارا موقف غیر متزلزل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اتفاق رائے کے حوالے سے اپنی کاوشیں جاری رکھے گا اور یقینی بنائے گا کہ کونسل کے کام کی بنیاد عالمگیریت، غیر جانبداریت، گفت و شنید اور تعاون کے اصولوں پر استوار ہو۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کشمیر پر غیر قانونی طور پر قابض بھارتی افواج کے ہاتھوں انسانی حقوق کی بلاخوف احتساب خلاف ورزیاں بھی بیتاب کرتا رہے گا۔

شال بقیہ 5

کے زمیندار اور عوام جان شہید کے محتاج ہو گئے ہیں ری سمی کسر سیلاب نے پوری کر دی ہے۔

شال بقیہ 6

چائنا پاکستان اقتصادی راہداری کی حیثیت ہم ستون کی ہے اور اس کی تکمیل سے بلوچستان معاشی اور تجارتی سرگرمیوں کا مرکز بنے گا اور اسطرح بہت جلد نیا پاکستان بننے کا خواب شرمندہ تعبیر ہوگا۔

شال بقیہ 7

لئے کوئی کسر نہیں چھوڑی جا رہی بجلی، گیس، آٹا بوشی بہت سمیت جیسے بنیادی مسائل حل کرنے کیلئے خصوص حکمت عملی پر عمل پیرا ہیں بہت جلد عوام کو مشکلات اور مسائل سے نجات ملے گی عوام کی خدمت کرنا میری اولین ترجیحات میں شامل ہے کیونکہ الیکشن سے پہلے ہم نے عوام سے ان کی خدمت کرنے کا عہد کیا تھا ان شاء اللہ مستقبل قریب میں مزید موثر انداز سے عوامی مسائل اور شکایات کا ازلہ کیا جائے گا۔

شال بقیہ 8

مسترد کر چکی ہے، جن افراد کو قومی سطح کے قائدین کے خلاف زبان درازی کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے بدقسمتی سے ان کی اصلیت اور کرتوتوں سے وہاں کی عوام پہلے سے ہی آگاہ ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے پریس کلب سوراب کے صحافیوں سے ٹیلی فونک گفتگو کرتے ہوئے کیا، رکن قومی اسمبلی مولانا سید محمود شاہ کا کہنا تھا کہ قوم نااہل حکمرانوں ٹولہ سے عاجز آ چکی ہے بدترین مہنگائی نے ایک عام غریب انسان سے زندہ رہنے کا حق چھین چکی ہے۔

شال بقیہ 9

تو مطالبہ تھا کہ چار حلقے کھولے جائیں لیکن اپوزیشن کا ایک بھی حلقہ کھولنے کا مطالبہ نہیں آیا، الیکشن کمیشن میں اس وقت بھی سب سے زیادہ ہماری انتخابی عذرداریاں قائل ہیں، عمران خان خود سیاسی جدوجہد کے تحت جلسے اور جلوس کر کے اقتدار میں آئے ہیں اس لئے ان کے دور میں قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے احتجاج کو روکنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

شال بقیہ 10

کونسل کے انتخابات میں پاکستان کی نمایاں کامیابی کے حوالے سے اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کو سفارتی محاذ پر نمایاں کامیابی ملی ہے، پاکستان واضح برتری سے انسانی حقوق کونسل میں دوبارہ منتخب ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 191 میں سے پاکستان کو 169 ووٹ ملے، میں پاکستان کی عالمی سطح پر اس اہم کامیابی پر پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا کہ اقوام متحدہ انسانی حقوق کونسل کے انتخابات میں ہر رنگین سے پاکستان کو حمایت ملی ہے۔ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا کہ بااثر اور بڑے ممالک نے بھی پاکستان کا ساتھ دیا، ترقی پذیر ممالک نے بھی پاکستان کو ووٹ دیا ہے۔

شال بقیہ 11

کا علم دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق امیدوار عاصم حنیف نے ڈرائفس مین کے عہدے کیلئے درخواست دی تھی اور تحریری امتحان میں 63 نمبر لے کر اول پوزیشن حاصل کی تھی، عاصم حنیف کو انٹرویو میں 6 نمبر دے کر فیل کر دیا گیا تھا، عاصم حنیف نے اس ناانصافی کے خلاف وفاقی محتسب میں درخواست دائر کی تھی، سماعت کے دوران انکشاف ہوا کہ عاصم حنیف کو انٹرویو میں کم نمبر دے کر میرٹ لسٹ میں نیچے بھیج کر نقصان پہنچایا گیا تحریری امتحان میں عاصم حنیف سے 15 فیصد کم نمبر حاصل کرنے والی امیدوار کو انٹرویو میں زیادہ نمبر دیئے گئے، دوسرے امیدوار نے تحریری امتحان میں 48 نمبر لئے اور انٹرویو میں 25 نمبر دیئے گئے۔

شال بقیہ 12

محمد سرور ندیم موسیٰ خیل کی قیادت میں 16 اکتوبر بروز جمعہ احتجاجی مظاہرہ ہوگا اس سلسلے میں جمعیت علما اسلام کے صوبائی نائب امیر ضلع موسیٰ خیل کے امیر سابق صوبائی وزیر مولانا محمد سرور موسیٰ خیل نے مختلف اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع موسیٰ خیل میں بدامنی لوٹ کھسوٹ کا بازار گرم ہونے کی اجازت ہرگز نہیں دے سکتے انتظامیہ کی نااہلی کے خلاف جمعیت علما اسلام عوام کے ساتھ مل کر علاقے میں امن و امان کی صورتحال کی بہتری کیلئے سخت احتجاج کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے جمعیت علما اسلام ضلع موسیٰ خیل مزید عوام کے حقوق پر کمپرومائز نہیں کرے گی انہوں نے کہا کہ امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال میں انتظامیہ کی ملی بھگت شامل ہے ورنہ چھوٹے سے علاقے میں امن کا قیام اتنا مشکل کام نہیں ہے انہوں نے عوام سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ 16 اکتوبر کو ہونے والے احتجاجی مظاہرے میں بھرپور شرکت کریں۔

شال بقیہ 13

مطابق کوئٹہ کے علاقے میاں غنڈی میں نامعلوم مسلح افراد نے گاڑی پر فائرنگ کر کے ایک شخص عبدالواحد کو ہلاک جبکہ اسکے بھائی عبدالقیوم کو زخمی کر دیا اور موقع سے فرار ہو گئے۔ پولیس نے نعش اور زخمی کو ہسپتال پہنچا دیا جہاں نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی۔ پولیس کے مطابق واقعہ پرانی دشمنی کا شاخسانہ ہے پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے۔

شال بقیہ 14

شدید اظہار برہمی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کو فوری کارروائی احکم دے دیا واضح رہے کہ بلوچستان میں کافی عرصے سے اساتذہ کے ڈیوٹیوں سے مسلسل غیر حاضر رہنے اور گھر بیٹھے تنخواہیں لینے کی شکایات عام رہی ہیں۔ غیر حاضر اساتذہ کے خلاف تادیبی کارروائی اور دیگر اقدامات کی بدولت اب صورتحال بہتر ہونے لگی ہے تاہم حال ہی میں صوبائی دارالحکومت سے متصل ضلع پشین میں سینکڑوں اساتذہ کے گھر بیٹھے تنخواہیں لینے کے انکشاف نے تعلیمی شعبے میں اصلاحات کے عمل پر سوالات اٹھا دیئے ہیں محکمہ تعلیم پشین آفس کے ذرائع کے مطابق کافی عرصے سے غیر حاضر اساتذہ کی شکایات محکمے کو موصول ہو رہی تھیں جن میں اکثر خواتین اساتذہ شامل ہیں۔

شال بقیہ 15

فاقہ پڑ گئے، 109 ٹیلی معاشی بدحالی سے دوچار ہیں، جی ٹی اے پنج کی جانب سے 109 ٹیچرز کی عدم بحالی کیخلاف جلد کوئٹہ میں تادم مرگ بھوک ہڑتال شروع کرنے کا اعلان تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان ضلع پنج اور برطرف ٹیچرز کا مشترکہ اجلاس بدھ کو گورنمنٹ ماڈل ہائی سکول کے کانفرنس روم جی ٹی اے کے ڈویژنل صدر حاجی مراد بخش اور ضلعی صدر اکبر علی اکبر کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس میں جی ٹی اے اور دیگر مقامی عہدیدار اور میل فیمیل برطرف ٹیچرز بھی شریک تھے، اجلاس میں برطرفی اور بحالی کے حوالے سے مختلف امور پر بحث و مباحثہ ہوا، ڈویژنل صدر حاجی مراد بخش اور ضلعی صدر اکبر علی اکبر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایک سال دو مہینے سے ضلع پنج کے 109 ٹیچرز کو بحال نہ کرنا ظلم و زیادتی ہے۔

شال بقیہ 16

کیڈٹی کی جانب سے قرآن خوانی، دعائیہ تقریب منعقد کی گئی تقریب میں ارکان اسمبلی عبدالرشید بلوچ، وحنیش کمار، پی اے پی کے رہنما، طاہر محمود خان سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ وزیراعلیٰ جام کمال خان نے صوبے میں کورونا وائرس کے تدارک کے لئے دن رات کام کیا ہے انہوں نے تمام احتیاطی تدابیر کا خیال رکھتے اپنے آپ کو مکمل طور پر فعال رکھا اور صوبے کی بہتری کے لئے ہمہ وقت کوشاں رہے ہیں انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ جام کمال دیگر چیلنجز کی طرح کورونا وائرس کا بھی مقابلہ کرتے ہوئے اسکے شکست دیں پارٹی اور بلوچستان کا ہر فرد انکی جلد صحت یابی کے لئے دعا گو ہے۔

شال بقیہ 17

ایس گرنیڈ 354، 38 مارٹر بیک فیوز 106 عدد سمیت بھاری تعداد میں اسلحہ شامل ہیں رسالدار میجر شیر محمد مری نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے صحافیوں کو بتایا ہے کہ اسلحہ صوبے میں دہشت گردی کے لئے استعمال ہونا تھے تاہم لیویز نے حساس ادارے کی اطلاع پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے صوبے کو بڑی تباہی سے بچا لیا ہے علاقے کو گھیرے میں لیکر ملزمان کی تلاش شروع کر دی گئی ہے لیویز فورس نے ہمیشہ قیام امن میں قلیدی کردار ادا کیا ہے۔

شال بقیہ 18

آئین قانون پارلیمنٹ کی بالادستی کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں تاکہ حقیقی جمہوریت پروان چڑھ سکے بلوچستان نیشنل پارٹی جلسے میں لاپتہ افراد کی بازیابی کو اور بلوچوں کو اقلیت میں تبدیل نہ کرنے سے بچانے کیلئے قانون سازی بلوچستان کے جاری ناروا پالیسیوں کے خاتمے بلوچستان کے وسائل پر دسترس کے ساتھ ساتھ دیگر قومی اجتماعی مفادات ہیں۔

شال بقیہ 19

بلوچستان کی ترقی کی راہ میں رکاوٹ ڈالے مظلوم مزدوروں پر حملہ کر کے بزدل دشمن اپنی شکست کو چھپانا چاہتا ہے ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ روز دہشتی بم حملے میں زخمی ہونے والے افراد کو صوبائی حکومت بہترین طبی سہولیات فراہم کرے بلوچستان میں امن و امان بحال کرنے کا کریڈٹ سیکیورٹی اداروں کو جاتا ہے ایک دفعہ پھر بزدل دشمن چھپ کر حملے کر رہا ہے بلوچستان کی عوام اتفاق و محبت سے دشمن کی تمام سازشوں کو ناکام بنا کیں ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے سی پیک سے پورے خطے میں ترقی و خوشحالی کے نئے دور کا آغاز ہوگا سی پیک پاکستان کو ترقی کے نئے منازل پر لے جائیگا۔

شال بقیہ 20

فقدان، اور حکومتی بے حسی کے خلاف 17 اکتوبر دن 12 بجے سنڈیمن پرائیویٹ ہسپتال سے احتجاجی ریلی نکالنے کا اعلان کر دیا۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے جاری کردہ ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت سرکاری ہسپتالوں میں بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کر رہی ہے، صوبے کے بڑے ٹرشری کیئر ہسپتالوں میں بھی بنیادی سہولیات میسر نہیں جس کی وجہ سے صوبے کی غریب عوام پرائیویٹ ہسپتالوں میں دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں۔

شال بقیہ 21

آگئے۔ بدھ کو ایمرجنسی کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں 615 کورونا کے مریض رپورٹ ہوئے ہیں۔ این سی او سی کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران 14 مریض کورونا کے باعث زندگی کی بازی ہار گئے۔ این سی او سی کے مطابق ملک میں ایکٹیو کیسز کی تعداد 8782 ہو گئی ہے۔ این سی او سی کے مطابق کورونا کو شکست دینے والوں کی تعداد 305080 ہو گئی ہے۔ این سی او سی کے مطابق ملک میں کورونا کے مجموعی کیسز کی تعداد 320463 ہو گئی ہے۔ این سی او سی کے مطابق کورونا کے باعث مجموعی اموات کی تعداد 6601 ہو گئی ہے۔

شال بقیہ 22

ہیں ان کے بچوں کو سکالرشپ ملتا ہے جس کی منظوری کورنگ باڈی اسلام آباد نے میٹنگ نوٹ نمبر 139 اور میٹنگ نوٹ نمبر 104 میں دی ہے جس کے مطابق ملازموں کے بچوں کو 2018ء تک سکالرشپ دیا گیا لیکن اس کے بچوں کو 2019ء کا وظیفہ نہیں ملا۔ اس سلسلے میں اس نے تمام کاغذات حسب قواعد ڈائریکٹر ایجوکیشن ورکرز ویلفیئر بورڈ بلوچستان کو جمع کرائے لیکن محکمہ نے بدنیتی کی بناء پر اس کے بچوں کا جائز وظیفہ ناجائز طور پر روک لیا اس نے محکمہ کو بار بار یاد دہانی کرائی لیکن اس کی تمام کوششیں بے سود ثابت ہوئیں۔ اس سلسلے میں اس نے ڈائریکٹر اور سیکرٹری ویلفیئر بورڈ سے باقاعدہ قانون کے مطابق استدعا کی لیکن اس کی شنوائی نہیں ہوئی آخر کار مجبوراً وہ وفاقی محتسب کا دروازہ کھٹکھٹانے پر مجبور ہوا۔ وفاقی محتسب نے نہایت ہمدردی سے اس کا موقف سنا اور اس کا ایک سالہ پرانا کیس کا فیصلہ ایک ہفتے میں کر دیا اور متعلقہ محکمہ کو احکامات صادر کر دیئے کہ اس کے بچوں کا سکالرشپ فی الفور دیا جائے۔ اس فوری کارروائی پر وہ وفاقی محتسب کا شکر گزار ہے۔

شال بقیہ 23

کردی کی تازہ کارروائی کے دوران بدھ کے روز ضلع شوپیاں میں دو کشمیری نوجوان شہید کر دیے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق فوجیوں نے نوجوانوں کو ضلع کے علاقے چکورہ میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائی کے دوران شہید کیا۔ آخری اطلاعات تک علاقے میں بھارتی فوج کا آپریشن جاری تھا۔ دریں اثنا ضلع کاندربل کے علاقے گنگن میں بھارتی فوج کی ایک گاڑی نے ایک معمر شخص کو ٹکر مار کر شدید زخمی کر دیا۔

شال بقیہ 24

میں تاریخی خطاب کریں گے، بلاول بھٹو زرداری کا لالہ موسیٰ، گجرات اور وزیر آباد میں تاریخی استقبال ہوگا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری بہت بڑے جلوس کے ساتھ گوجرانوالہ جلسہ گاہ پہنچیں گے، گوجرانوالہ کے عوام حکمرانوں کو گھر بھیجنے کیلئے تیار ہیں، گوجرانوالہ کے انتظامیہ اور پولیس غیر قانونی احکامات ماننے سے انکار کر دے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کا غم و غصہ دیکھ کر وزیراعظم اور ان کے وزیروں، مشیروں کی تکلیف بڑھنے لگی ہے، پی ڈی ایم کی تحریک عوام سے اس حکومت کو چھٹکارا دلا کر ہی دم لے گی۔

شال بقیہ 25

حسین لانگو، احمد نواز بلوچ، نصر اللہ زیرے نے کہا کہ حکومت کی غریب دشمن پالیسیوں کی بدولت ملک پیچھے جا رہا ہے۔ ملک میں مہنگائی، بے روزگاری اور لاقانونیت اپنے عروج پر ہے، سلیکٹڈ حکومت کو اب زیادہ عرصہ برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ پی ڈی ایم کی تحریک اس ظالم حکومت کو گھر بھیج کر دم لے گی۔ کوئٹہ جلسے میں بلوچستان کے تمام جمہوریت پسند عوام بھرپور شرکت کریں گے جو بحالی جمہوریت اور پارلیمنٹ کی بالادستی کے لئے پی ڈی ایم کی جدوجہد پر اعتماد کا اظہار ہوگا۔ اپوزیشن کی حکومت مخالف تحریک نے دھاندلی و سلیکٹرز کی پیداوار سلیکٹیڈ حکومت کو خوف میں مبتلا کر دیا ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے میڈیا کوآرڈینیٹر حیات خان اچکزئی نے کہا کہ حکومتی انتقام کے خلاف آج بھی ہم جمہوری قوتوں کے ساتھ کھڑے ہیں، پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے ذریعے حکومت کو ختم کریں گے۔

شال بقیہ 26

ڈیوٹی انجام دے رہے تھے۔ دو ہیلی کاپٹرز ٹکرا کر تباہ ہونے کے اس واقعے میں کم از کم 15 افراد ہلاک ہوئے۔ صوبائی گورنر کے ترجمان نے نوائیں ہونے والے اس حادثے کی تصدیق کی، تاہم مزید تفصیلات فراہم نہیں کیں۔

شال بقیہ 27

حالات مزید سنگین ہوتا دکھائی دے رہا ہے بیس کی شدید قلت سے عوام سخت پریشان ہیں کہیں عوام گیس سلنڈر کی تلاش میں نظر آتے ہیں تو کہیں مہنگی لکڑی خریدی جا رہا ہے گیس کی قلت سے لکڑی کے چولہوں اور سلنڈر کا دور لوٹ آیا ہے اور گیس کی کمی سے جنگلات ختم ہو رہی ہے۔

شال بقیہ 28

آئین قانون پارلیمنٹ کی بالادستی کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں تاکہ حقیقی جمہوریت پروان چڑھ سکے بلوچستان نیشنل پارٹی جلسے میں لاپتہ افراد کی بازیابی کو اور بلوچوں کو اقلیت میں تبدیل نہ کرنے سے بچانے کیلئے قانون سازی بلوچستان کے جاری ناروا پالیسیوں کے خاتمے بلوچستان کے وسائل پر دسترس کے ساتھ ساتھ دیگر قومی اجتماعی مفادات ہیں۔

شال بقیہ 29

سے متعلق پاکستان کے عزم کی بھی تصدیق کی اور کہا کہ آئندہ پانچ سالوں میں 10 فیصد تک ہائیڈل اور جیتھل گرڈ میں قابل تجدید ذرائع سے بجلی پیدا کر کے پاکستان کے انرجی مکس کو میں ڈال دی جائے گی۔ انہوں نے قابل تجدید توانائی کے حصول کو 2025 تک 20 فیصد اور 2030 تک 30 فیصد 2030 تک اضافے کے بارے میں آگاہ کیا۔ پاور سیکٹر میں سرمایہ کاری کے امکانات کی وضاحت کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ حکومت کھلی اور شفاف مسابقتی بولی کے عمل کے ذریعے قابل تجدید توانائی پر مبنی پاور پلانٹس لگائے گی۔

شال بقیہ 30

بیانات تک رہ چکے ہیں حکومتی نااہلی سے نارکوٹک اس صوبے کی پہچان بن چکی ہے امن و امان کی صورتحال دن بدن خراب ہوتی جا رہی ہے مگر صوبائی حکومت ٹس سے مس نہیں ہو رہی ہے صوبائی حکومت بدامنی کا مسئلہ ذمہ داری اور سنجیدگی کیساتھ لینے کیلئے تیار نہیں ہے امن و امان کی صورتحال دن بدن خراب ہوتی جا رہی ہے حالانکہ عوام کی جان مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔

شال بقیہ 31

کے خلاف بنی ہے یہ عوام کی خواہشات اور امنگوں کی ترجمان تحریک ہے جسے زیر کرنا یا دیوار سے لگانا ناممکن ہے انہوں نے کہا کہ ملک مہنگائی، بے روزگاری، مسائل کے دلدل میں دھنس چکا ہے غریب عوام خودکشی پر مجبور ہیں معیشت تباہ ہو چکی ہے ایسی صورتحال میں پی ڈی ایم ہی وہ پلیٹ فارم ہے جو عوام کے مسائل کو حل کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم ملک گیر جلسوں بالخصوص 25 اکتوبر کوئٹہ کے جلسے میں عوام کا سمندر اپنا پیغام دیگا کہ اب موجودہ حکومت کو گھر جانا چاہیے اور عوام کے ووٹوں سے منتخب پارلیمنٹ ملک کے فیصلے کرے گی۔

شال بقیہ 32

نہاتے ہوئے ڈوب گئے ان کے والدین کو پتہ چلا کہ بچے ڈوب گئے موقع پر مرحباں جاں بحق ہو گئی جب کہ 7 سالہ مزمل کو بے ہوشی کی حالت میں اوستہ محمد سیول ہسپتال لایا گیا جہاں پر طبی امداد دی گئی اور مزید علاج کے لئے کانہ ریفر کر دیا جاں بحق ہونے والی بچی مرحباں کا پوسٹ مارٹم کے بعد لاش کو ورثاء کے حوالے کر دیا گیا ڈاکٹرز کے مطابق مزمل کی حالت بھی نازک ہے۔

شال بقیہ 33

ہے۔ بدھ کے روز اپنی رہائشگاہ جامعہ مطلع العلوم میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ حسین احمد کا کہنا تھا کہ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کی جانب سے گوجرانوالہ سے شروع کی جانے والی تحریک ملک میں جمہوریت کی مکمل بحالی تک جاری رہے گی، اپوزیشن کی تمام جماعتیں استعفوں پر متفق ہیں اپوزیشن کی برسر اقتدار رہنے والی پارٹیوں نے ماضی کی غلطیوں سے سبق سیکھ لیا ہوگا۔

شال بقیہ 34

بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا ہے مزید کارروائی متعلقہ انتظامیہ کر رہی ہے۔

شال بقیہ 35

پوسٹ آفس اور بادینی چوک پوسٹ آفس میں یونیفیلڈ بلز جمع کرانے کی سہولیت بند کر دی گئی ہے ہزار گنجی، سریاب اور بادینی چوک جو کہ انتہائی گنجان آبادی پر مشتمل علاقے ہیں وہاں کے لوگ یونیفیلڈ بلز جمع کرانے کے لئے کوئٹہ شہر جانے پر مجبور ہیں۔ دور دراز علاقوں کی عوام کے لئے ان کے علاقوں میں واقع پوسٹ آفس کے دفاتر میں یونیفیلڈ بلز کے جمع کرانے کی سہولت کی بندش سے لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بجلی، گیس، ٹیلی فون اور پانی کے بلز کے لئے بسا اوقات لوگوں کو بار بار شہر جانا پڑ رہا ہے۔

شال بقیہ 36

تاریخی کرپشن اور بدعنوانی پر عوام نے 2018ء کے عام انتخابات میں مسترد کر دیا ہے اب یہ اپنی لوٹی ہوئی دولت بچانے کیلئے ہاتھ پیر مار رہے ہیں، انہوں نے اس امر پر حیرت کا اظہار کیا کہ بلوچستان میں سیلاب ہو یا زلزلہ، کوئی قدرتی آفت ہو یا طوفان، حالیہ کورونا ہو یا کوئی دوسری وبا، اپوزیشن کہیں پر نظر نہیں آتی، مگر جب ان کے مفادات خطرے میں پڑ جاتے ہیں تو انہیں بلوچستان یاد آ جاتا ہے یہ سب پوائنٹ اسکورنگ اور کرپشن چھپانے کی ناکام کوششیں ہیں جسے بلوچستان کے عوام مسترد کرتے ہیں کیونکہ اب بلوچستان بدل گیا ہے بلوچستان کے عوام اچھے برے میں تمیز کرنا جانتے ہیں، بلوچستان باشعور ہو چکا ہے عوام کی سوچ و فکر بدل چکی ہے عوام کو اب مزید بے وقوف نہیں بنایا جا سکتا، ان تمام اپوزیشن جماعتوں کو بلوچستان کے عوام ہمیشہ آزماتے آ رہے ہیں موجودہ وفاقی و صوبائی حکومتوں نے بلوچستان کو شاہراہ ترقی پر ڈالنے کیلئے مربوط پروگرام شروع کیا ہے اور بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کی ترقی کیلئے جامع پیکیج کی منظوری دی جا رہی ہے اس لئے بلوچستان کے عوام بلوچستان کی ترقی کے خلاف رکاوٹیں کھڑی کرنے والوں کو رد کر کے موجودہ حکومت کی ترقی و خوشحالی کے پروگرام کے ساتھ کھڑے ہیں، اس دوران بلوچستان عوامی پارٹی مکران ڈویژن کے آرگنائزر میر عبدالرؤف رند نے بتایا کہ مکران ضلع گوادر اور ضلع پنجگور میں کامیاب ورکرز کنونشن اور ضلعی انتخابات کے بعد ضلع پنج میں بھی انٹرا پارٹی الیکشن جمہوری انداز میں بھرپور طریقے سے کرائے جائیں گے اور پارٹی کو نچلی سطح پر عوام میں مزید منظم کیا جائے گا، میر عبدالرؤف رند نے بتایا کہ گزشتہ دن ان کی سی پیک اتھارٹی کے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ سے خصوصی ملاقات ہوئی ہے جس میں مکران کے شورش زدہ علاقوں میں انفرااسٹرکچر کی بحالی، ری وپیکنگ اور نئے انفرااسٹرکچر کی تعمیر سمیت دیگر اجتماعی ایشوز پر تبادلہ کیا گیا، ان شورش زدہ علاقوں پر خصوصی فوکس کرنے پر اتفاق کیا گیا ہے جس سے بہت جلد شورش زدہ علاقے ترقی کے دھارے میں شامل ہو جائیں گے۔

شال بقیہ 37

ہماری پارٹی پر جس اعتماد کا اظہار کر کے ووٹ دیکر صوبہ بھر میں پارٹی کو بھاری مینڈیٹ سے کامیاب کرایا ہے اسکے اعتماد کو ٹھیس

اپوزیشن اپنی سابقہ کرپشن بچانے کیلئے اکٹھے ہوئے ہیں، رؤف رند

کرپشن کے خلاف تحقیقات شروع ہوتی ہیں تو یہ جماعتیں باہم مل بیٹھ کر جمہوریت کا راگ الاپنے لگتے ہیں

پی ڈی ایم کا قیام جمہوریت کیلئے نہیں بلکہ کرپٹ عناصر کو بچانے کیلئے ہے، میر عبدالرؤف رند

حب لائیو کیبل انڈسٹریز حب سے بڑا جدید فارم کے جانے والے ورکرز کیبل گیٹ کے سامنے کیبل کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر دفاعی پیداوار زبیدہ جلال سے اسلام آباد میں وزیر اعلیٰ بلوچستان کے کوآرڈینیٹر و نائب صدر بلوچستان عوامی پارٹی میر عبدالرؤف رند، مکران کے معروف سیاسی و سماجی شخصیت میر ابوبکر دشتی اور بلوچستان عوامی پارٹی کیچ کے جنرل سیکرٹری میر زبیر رند کی تفصیلی ملاقات، ملاقات میں اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے منتخب جمہوری حکومت کے خلاف احتجاج کی سیاست کو کرپشن بچانے کی ناکام مہم کا حصہ قرار دیتے ہوئے کہا گیا کہ اپوزیشن جماعتوں کو عوام کا کوئی غم نہیں یہ صرف اپنی سابقہ کرپشن بچانے کیلئے اکٹھے ہوئے ہیں جب بھی کرپشن کے خلاف تحقیقات شروع ہوتی ہیں تو یہ جماعتیں باہم مل بیٹھ کر جمہوریت کا راگ الاپنے لگتے ہیں، پی ڈی ایم کا قیام جمہوریت کیلئے نہیں بلکہ کرپٹ عناصر کو بچانے کیلئے ہے، یہ دی عناصر ہیں جنہیں بقیہ نمبر36 صفحہ 3 پر

بلوچستان ایڈیٹرز فورم کی ایس ڈی پی او صدر کی صحافی کو ہراساں کرنیکی مذمت

ذاتی عناد کی بنا پر صحافی کی گاڑی کو دفعہ 550 کے تحت تھانے میں بند، رپورٹ میں بھی غلط بیانی کی گئی

وزیر اعلیٰ بلوچستان، صوبائی وزیر داخلہ، آئی جی پولیس بلوچستان واقعہ کا نوٹس لیں

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان ایڈیٹرز فورم نے اپنے بیان میں محکمہ پولیس کے ایک اعلیٰ افسر کی جانب سے مقامی اخبار کے ایڈیٹر کو ہراساں کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئی جی پولیس بلوچستان کے عوام کیساتھ ہمدردی اسلوک سے اجتناب برتنے کے واضح انکامات کے باوجود ایس ڈی پی او صدر ایاز حیدر کی جانب سے ذاتی عناد کی بنا پر مقامی اخبار کے ایڈیٹر کیساتھ بدتمیزی اور ہراساں کرنے کے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ 11 اکتوبر کو مقامی اخبار کے ایڈیٹر جو کہ اپنی گاڑی میں صحافتی امور کی انجام دہی بقیہ نمبر42 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی لائنوں کی ضروری مرمت کے کاموں کے سلسلے میں 15 اکتوبر کو مری آباد گرڈ اسٹیشن کے کالی اٹیفیڈر سے صبح 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی بقیہ نمبر43 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کے نام سے غیر جمہوری اور غیر سیاسی نام نہاد تحریک کی مذمت کرتے ہیں، ڈاکٹر خیر محمد مندوخیل

مسترد لوگوں کا یہ ٹولہ عوام کو بے وقوف بنانے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں

ژوب (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر خیر محمد مندوخیل فضل امین مندوخیل عبدالرحمن شیرانی انور جان مندوخیل عبداللہ جان کاکڑ اختر زمان مندوخیل ایڈوکیٹ اور دیگر نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ چند نام نہاد سیاسی پارٹیاں ذاتی مفادات کی خاطر ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو کر ملک کی سیاسی اقتصادی جمہوری دفاعی اور امن و امان کی صورتحال کو خراب کر کے ملک کو تباہی کے دہانے پہنچانے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کے نام سے غیر بقیہ نمبر47 صفحہ 3 پر

امن وامان کی بحالی کیلئے پولیس نے لازوال قربانیاں دی ہیں، شہاب عظیم لہڑی

قیام امن کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، ڈی آئی جی نصیر آباد

صحبت پور (این این آئی) پولیس کے جوانوں کی ترقی انکا بنیادی حق ہے گورنمنٹ اور محکمہ پولیس کی وضع کردہ قواعد وضوابط کے تحت ملازمین کا تحریری امتحان لیا جاتا ہے ہم اپنے کانسٹیبلز کا امتحان B1 کیلئے لیتے ہیں اس میں عمری حد تعلیم اور ملازمت کا دورانیہ پورا اترنے والے امیدواروں سے تحریری طور پر B1 کا امتحان لیتے ہیں۔ جو امیدوار یہ امتحان پاس کر پائیں گے انکے لیئے اگلا مرحلہ ٹریننگ کا ہوگا۔ بقیہ نمبر46 صفحہ 3 پر

نصیر آباد ڈویژن کی زمین ماہی گیری کے لیے موزوں ہے، عابد سلیم قریشی

تین ہزار ایکڑ پر پرائیویٹ مچھلیوں کے تالاب ہیں جبکہ 33 ماڈل فش فارم بھی قائم ہیں

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن عابد سلیم قریشی نے کہا ہے کہ نصیر آباد ڈویژن بلوچستان کا واحد گرین بیلٹ ہے جہاں پر زراعت گھر بانی کے ساتھ ساتھ ماہی گیری کے کاروبار سے کروڑوں روپے کا زکم کمایا جا سکتا ہے سیم وتھور والی زمینوں جو ناقابل کاشت ہیں ان میں مچھلیوں کے تالاب بنا کر لاکھوں من مچھلیوں کی پیداوار حاصل کی جا سکتی ہے اس شعبے کو مزید تقویت دینے کے لیے صوبائی حکومت سنجیدگی سے کام کر رہی ہے تاکہ لوگوں کو اپنے پاؤں بقیہ نمبر45 صفحہ 3 پر

شیرانی پولیس کی کارروائی 10 کلوگرام چرس 800 گرام افیون برآمد خاتون سمیت تین ملزمان گرفتار

شیرانی (این این آئی) شیرانی پولیس کی کارروائی 10 کلوگرام چرس 800 گرام افیون برآمد خاتون سمیت تین ملزمان گرفتار۔ پولیس کے مطابق بدھ کو ڈی آئی قومی شاہراہ مانی خواہ کے مقام پر دوران چیکنگ گاڑی سے 10 کلوگرام چرس 800 گرام افیون برآمد کر کے خاتون سمیت 3 بقیہ نمبر44 صفحہ 3 پر

ہمیں بغیر کسی نوٹس کے فیکٹری سے فارغ کر دیا ہمیں انصاف فراہم کیا جائے، عبدالکریم لانگو

کمپنی پروڈکٹ پیداوار ہر ماہ 150 ٹن کا پروار کی پیداوار کرتی ہے یہ محض ہمیں فارغ کرنے کا بہانہ ہے

حب (نامہ نگار) ہمیں بغیر کسی نوٹس کے فیکٹری سے فارغ کر دیا ہمیں انصاف فراہم کیا جائے ان خیالات کا اظہار لائیو کیبل انڈسٹریز حب کے ورکرز عبدالکریم لانگو محمد جاوید منیر احمد میونگل استاد حیدر جبل و دیگر نے اپنے مشترکہ جاری کردہ ایک اخباری بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ یہ ہمارے بقیہ نمبر52 صفحہ 3 پر

سول ہسپتال کیلئے مختص فنڈز میں اضافہ کیا جائے، ڈاکٹر عبدالجبار سومرو

ہسپتال کو ایکسرے مشین کی اشد ضرورت ہے، ملازمین کی کمی کو دور کیا جائے

اوستہ محمد (آن لائن) سول ہسپتال کے انچارج ڈاکٹر عبدالجبار سومرو نے کہا ہے کہ سول ہسپتال کیلئے مختص فنڈز میں اضافہ کیا جائے ہسپتال کو ایکسرے مشین کی اشد ضرورت ہے، ملازمین کی کمی کو دور کیا جائے، کم سے کم 15 ڈاکٹرز ہونے چاہیے، پولیس سرجن کا ہونا انتہائی ضروری ہے، روزانہ 300 کے بقیہ نمبر53 صفحہ 3 پر

صوبائی مشیر کھیل وثقافت عبدالخالق ہزارہ سے کمشنر کوئٹہ اسفندیار خان ملاقات کر رہے ہیں

باپ حکومت کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے نوجوانوں طبقہ بے روزگاری کا شکار ہیں، اسرار احمد ساسولی

لیویز پوسٹوں کی رکاوٹ کا ذمے دار موجودہ حکومت ہیں، جمعیت طلباء اسلام نظریاتی ضلع قلات

منگچر (نامہ نگار) جمعیت طلباء اسلام نظریاتی ضلع قلات کے ضلعی جنرل سیکرٹری اسرار احمد ساسولی ضلعی صدر فضل اللہ عمرانی نے اپنے مشترکہ جاری کردہ اخباری بیان میں کہا کہ موجودہ حکومت اپنے ناقص پالیسیوں کی وجہ سے نوجوانوں کو مسلسل بے روزگاری کی طرف دھکیلا جا رہا ہے تین سال پورے ہو رہے ہیں مگر نوجوانوں کو اب تک روزگار فراہم نہ کر سکا موجودہ حکومت کی ناکام سیاست سے بلوچستان کے عوام تنگ آ چکے ہیں عوام کو کچھ نہ دے سکا سوائے مہنگائی کے کہاں گئے ایک کروڑ نوکریاں بقیہ نمبر60 صفحہ 3 پر

حکومت کو عوام کی پریشانیوں کا ذرہ برابر احساس نہیں، سماجی کارکن کاشف حیدری

"LPG" گیس بھی مہنگی ہونے کی وجہ سے لوگ لکڑیاں بطور ایندھن استعمال کرنے پر مجبور ہیں

کوئٹہ (این این آئی) سماجی کارکن کاشف حیدری نے کہا ہے کہ سردیاں شروع ہوتے ہی ہزارہ ٹاؤن سمیت شہر بھر میں گیس کی بندش اور ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں من چاہا اضافہ سوئی سدرن گیس کمپنی اور حکمرانوں کی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ سردیاں شروع ہوتے ہی ہزارہ ٹاؤن اور گردونواح گیس کی بندش اور پریشر کی کمی کی وجہ سے گھریلو صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا بقیہ نمبر59 صفحہ 3 پر

ہرنائی کی ترقی میں رکاوٹ ڈالنے کی کسی کو اجازت نہیں دینگے لیلیٰ ترین

ہرنائی، پی ڈی ایم اپنی کرپٹ لیڈرشپ کو بچانے اور ملک کی ترقی میں روڑے اٹکانے کیلئے احتجاج کر رہے ہیں

ضلع ہرنائی کی ترقی و خوشحالی اولین ترجیحی ہے، رکن صوبائی اسمبلی محترمہ لیلیٰ ترین

ہرنائی (نامہ نگار) بی اے پی کے مرکزی رہنماء خاتون رکن صوبائی اسمبلی محترمہ لیلیٰ ترین نے پی ڈی ایم اپنی کرپٹ لیڈرشپ کو بچانے کیلئے حکومت دباؤ ڈالنے کیلئے احتجاج کا شوشا کر رہی ہیں قوم ان نام نہاد چوروں اور ملک لوٹنے والوں سے تنگ آ چکی ہے پی ڈی ایم کا اعلان کردہ احتجاجی تحریک ناکام ہوگی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان کی قیادت میں بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہے 2018 کے عام انتخاب کو ضلع ہرنائی کے عوام نے ہم اور بقیہ نمبر37 صفحہ 3 پر

اوتھل، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال اوتھل کا اچانک دورہ کر رہے ہیں

قوم پرست اور مذہبی جماعتوں نے اپنی پارٹیوں میں کبھی جمہوریت قائم کی ہے؟ انعام اللہ میینگل

خضدار (نامہ نگار) خضدار پاک فوج اور حکومت کے حق میں پاکستان تحریک انصاف خضدار کے زیر اہتمام ریلی پاک فوج دنیا کی بہترین فوج ہے سیاسی یتیم شدید مایوسی کا شکار ہو کر قومی سلامتی اداروں پر لب کشائی کر رہے ہیں جسے پاکستان تحریک انصاف کسی صورت برداشت نہیں کریگی ہم پاک فوج کے شانہ بشانہ اور حکومت کی تمام عوام دوست پالیسیوں کی حمایت کرتے ہیں پاک فوج اور بقیہ نمبر54 صفحہ 3 پر

تحصیل تمپ مسائل کا آماجگاہ بنا ہے، تاج دوست رند

تربت (آن لائن) معروف سماجی شخصیت تاج دوست رند نے کہا ہے تحصیل تمپ مسائل کا آماجگاہ بنا ہے، اس پسماندہ علاقے کو حکمران طبقے نے ہمیشہ نظر انداز کیا جس کی وجہ سے علاقے میں نہ صرف امن وامان کے مسائل پیدا ہو گئے بلکہ تعلیم وصحت سمیت انسانی زندگی سے متعلق تمام دیگر شعبہ جات زبوں کا شکار ہو گئے۔ انہوں نے کہا تمپ بقیہ نمبر55 صفحہ 3 پر

منشیات کی اسمگلنگ کی روک تھام پر مامور ایکسائز کے اہلکار سوراب میں تیل لانے والے ڈرائیوروں سے سرعام بھتہ لینے لگے

سوراب (این این آئی) ایکسائز اہلکاروں کی ناجائز بھتہ خوری بند نہ ہو سکی، میڈیا میں نشاندہی کے بعد جگہ تبدیل کر کے گھوڑ دوڑ کراس کے مقام پر ڈیرے جما کر غریب ڈرائیورز کو لوٹنے کا سلسلہ دوبارہ شروع کر دیا، تیل بردار گاڑیوں بقیہ نمبر58 صفحہ 3 پر

مولانا عادل خان کا قتل امن وامان کیخلاف گہری سازش ہے، سردار زادہ میر زاہد جان لہڑی

مولانا عادل کی شہادت سے عالم اسلام میں ایک خلا پیدا ہو گیا ہے جسکی کمی کبھی پوری نہیں ہو سکتی

منگچر (نامہ نگار) مولانا عادل خان کا قتل امن و امان کیخلاف گہری سازش ہے حکومت قاتلوں کو فوری کیفر کردار تک پہنچائے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام جوبان کے سرپرست سردار زادہ میر زاہد جان لہڑی محمد عمر غزنوی حافظ عبدالعزیز میر عبدالباقی انگوکی عبدالکریم لہڑی مولانا عصمت اللہ لہڑی حاجی عزیز محمد لہڑی حاجی محمد عالم لہڑی مفتی بلال لہڑی میر شفیق الرحمن لہڑی محمد عالم لہڑی حافظ عبدالحی لہڑی و دیگر رہنماؤں نے ایک مشترکہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ ملک کے ممتاز عالم دین محتشم جامعہ فاروقیہ کراچی مولانا ڈاکٹر عادل خان صاحب کی مظلومانہ شہادت کی پرزور مذمت کرتے ہیں مولانا عادل کی شہادت بقیہ نمبر56 صفحہ 3 پر

عوام نقل مکانی پر مجبور ہیں گیس حکام کے خلاف کاروائی کریں، میر مبارک خان محمد حسنی

قلات اور منگچر میں گیس نہیں ہے ناجائز بلوں کی وجہ سے کروڑوں روپے کا عوام مقروض ہو چکا ہے

قلات (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری میر مبارک خان محمد حسنی، صوبائی صدر جی ٹی آئی نظریاتی فضل الرحمان رحمانی قاری رحمت اللہ نقشبندی مولانا منیر احمد نیچاری فضل اللہ عمرانی اسرار احمد ساسولی عبدالعزیز سالاتی وغیرہ کی صورت میں ڈپٹی کمشنر قلات عزت نزیر بلوچ سے ملاقات کر کے کہا کہ قلات اور منگچر میں گیس نہیں ہے ناجائز بلوں کی وجہ سے کروڑوں روپے کا عوام مقروض ہو چکا ہے سردی کی آمد ہے لکڑی ناپید ہیں اور 700 روپے من مہنگا ہونے کی وجہ سے غریب کی دسترس سے باہر ہے عوام نقل مکانی پر مجبور ہیں گیس حکام کے خلاف کاروائی کریں۔ بجلی تو نہ ہونے کی برابر بقیہ نمبر57 صفحہ 3 پر

اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو سے آوران کا ایک وفد ملاقات کر رہے ہیں

اپوزیشن کے جلسوں اور تحریکوں سے حکومت گھبرانے والی نہیں ہے، عبدالرسول قلندرانی

گیارہ کا ٹولہ ان فٹ اور داغ دار ہے قوم پرستی اور مذہب کا کارڈ استعمال کرنے کا وقت گزر چکا ہے

خضدار (این این آئی) پاک فوج اور حکومت کے حق میں پاکستان تحریک انصاف خضدار کے زیر اہتمام ریلی پاک فوج دنیا کی بہترین فوج ہے سیاسی یتیم شدید مایوسی کا شکار ہو کر قومی سلامتی اداروں پر لب کشائی کر رہے ہیں جسے پاکستان تحریک انصاف کسی صورت برداشت نہیں کریگی ہم پاک بقیہ نمبر67 صفحہ 3 پر

اوستہ محمد شہر کی آبادی میں بے پناہ اضافہ ہو چکا ہے، اودا ودخان کھوسہ

اوستہ محمد (آن لائن) امن وامان کی صورت حال کو بہتر بنانے کے لیئے اقدامات کر رہے ہیں جرائم ختم تو نہیں ہو سکتے لیکن کم ضرور ہو گئے ان خیالات کا اظہار سٹی تھانہ کے ایس ایچ او اودا بقیہ نمبر66 صفحہ 3 پر

جیل پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں کا دوسرا گھر ہے، خالد حسین دھرپالی مگسی

جیلوں سے جیالے ڈرنے والے نہیں حکومت اپوزیشن کی تحریک سے خوفزدہ ہو چکی ہے

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی نصیر آباد ڈویژن کے سیکرٹری اطلاعات خالد حسین دھرپالی مگسی نے پنجاب میں پیپلز پارٹی کے کارکنوں کی گرفتاری پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے پرامن کارکنوں کی گرفتاری کو پنجاب اور وفاقی حکومت کا بزدلانہ فعل قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ جیل پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں کا دوسرا گھر ہے جیلوں سے جیالے ڈرنے والے نہیں۔

تعلیمی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کریں گے، عزت نزیر بلوچ

طلباء اور اساتذہ تعلیمی پسماندگی کے خلاف اپنا کردار ادا کریں، ڈپٹی کمشنر قلات

قلات (این این آئی) ڈپٹی کمشنر قلات عزت نزیر بلوچ نے کہا ہے کہ تعلیمی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کریں گے طلباء اور اساتذہ تعلیمی پسماندگی کے خلاف اپنا کردار ادا کریں ڈگری کالج قلات کے مسائل کے حوالے سے حکام کو آگاہ کروں گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ ڈگری کالج قلات کے اچانک دورے کے دوران طلبا طالبات اور اساتذہ سے گفتگو کے دوران کیا اس موقع پر وہ مختلف کلاس بقیہ نمبر68 صفحہ 3 پر

قدرتی ماحول کو تحفظ دینے کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں، عبدالصبور کاکڑ

فش مل مالکان محکمہ ماحولیات کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں

محکمہ ماحولیات بلوچستان کی جانب سے فش ملوں کو جن شرائط پر این او سی جاری کی گئی ہے، عبدالصبور کاکڑ

کوئٹہ (ٹ ن) صوبائی سیکرٹری ماحولیات عبدالصبور کاکڑ نے کہا ہے کہ قدرتی ماحول کو تحفظ دینے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں فش مل مالکان محکمہ ماحولیات کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے دندر میں قائم فش ملوں کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ محکمہ ماحولیات بلوچستان کی جانب سے فش ملوں کو جن شرائط پر این او سی جاری کی گئی ہے ان پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں بقیہ نمبر40 صفحہ 3 پر

قلات، واٹر کے زیر نگرانی پختہ تالاب پائپ لائن اور پختہ نالیاں پر کام جاری ہیں

چیف سیکرٹری بلوچستان (ر) فضیل اصغر رورل ہاؤسنگ کمپلیکس کے حلوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لوگوں کو صحت عامہ کی فراہمی کیلئے محکمہ صحت اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں، حسن وقار چیمہ

لوگوں کو صحت عامہ کی فراہمی کے لیے ڈاکٹرز ہسپتال میں اپنی حاضریاں یقینی بنائیں

لسبیلہ (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے کہا ہے کہ لوگوں کو صحت عامہ کی فراہمی کیلئے محکمہ صحت اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائے اس سلسلے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال اوتھل کا اچانک دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا انھوں نے دوپہر کو او پی ڈی بند کرنے پر ڈاکٹرز پر سخت برہمی کا اظہار بقیہ نمبر49 صفحہ 3 پر

پاکستان کوسٹ گارڈز کی کارروائی، 99 کلو گرام اعلیٰ کوالٹی کی کرسٹل برآمد

اوتھل (نامہ نگار) پاکستان کوسٹ گارڈز کی کارروائی، 99 کلو گرام اعلیٰ کوالٹی کی کرسٹل برآمد تفصیلات کے مطابق پرائم منسٹر کے احکامات کے مطابق تمام متعلقہ ادارے بشمول پاکستان کوسٹ گارڈز ساحلی علاقہ جات میں منشیات بقیہ نمبر48 صفحہ 3 پر

ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی جرائم کو کنٹرول کرنے میں ناکام ہو چکا ہے

پیپلز پارٹی نے احتجاج کے لیے ایک ہفتے کا الٹی میٹم دے دیا، میر محمد بلال خان عمرانی

نصیر آباد (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی نصیر آباد ڈویژن کے صدر میر محمد بلال خان عمرانی نے کہا ہے کہ ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی جرائم کو کنٹرول کرنے میں ناکام ہو چکا ہے موصوف شہر میں امن امان کی خراب صورتحال میں برابر کا حصہ دار ہے اس کی سرپرستی میں شہر میں منشیات جوا کے اڈے قائم ہیں جگہ جگہ غیر قانونی طور پر ایرانی پیٹرول کی فروخت کا سلسلہ جاری ہے جو کسی بھی ناخوشگوار واقع کا سبب بن سکتا ہے منشیات فروشی بھی موصوف کی زیر سرپرستی جاری ہے آئے روز شہر میں شریف شہری اپنی موٹر سائکلوں قیمتی سامان اور نقد رقم سے محروم ہو جاتے ہیں چوری کی وارداتوں میں روزانہ کی بنیاد پر اضافے کی ذمہ دار سٹی پولیس ہے جسکے زیر سایہ جرائم پیشہ افراد فروغ پا رہے ہیں انکا کہنا تھا کہ ایس ایچ او سٹی بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے جاری ہونے والے ایک اعلامیہ

کوئٹہ (ٹ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے جاری ہونے والے ایک اعلامیہ کے مطابق بچوں کی صحت کے لیے مضر صحت قرار دیے جانے کی بنا پر تعلیمی اداروں (اسکولوں و کالجز) میں ریڈ کیٹگری آئٹمز (Red Category Items) انرجی ڈرنکس، سافٹ ڈرنکس، سپورٹس ڈرنکس، آئس قلفی اور جنک فوڈ (Junk Food) کی خرید وفروخت بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

ہمیں گرفتاریوں سے کسی صورت ڈرایا نہیں جا سکتا، سردار یعقوب خان ناصر

حکومت پی ڈی ایم کے جلسوں سے خوفزدہ ہے اسی لیئے وہ رکاوٹیں ڈالنے کی کوشش کر رہی ہے

سولا اکتوبر کو گوجرانوالہ میں پی ڈی ایم کے جلسے کو ناکام بنانے کیلئے ہمارے کارکنوں کو گرفتار کر رہی ہے، سینیٹر سردار محمد یعقوب خان ناصر

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ ن کے مرکزی سینیٹر نائب صدر سینٹ کے سینڈنگ کمیٹی بین الصوبائی رابطہ کے چیئرمین سینیٹر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ حکومت پی ڈی ایم کے جلسوں سے خوفزدہ ہے اسی لیئے وہ رکاوٹیں ڈالنے کی کوشش کر رہی ہے سولا اکتوبر کو گوجرانوالہ میں پی ڈی ایم کے جلسے کو ناکام بنانے کیلئے ہمارے کارکنوں کو گرفتار کر رہی ہے ہمارے سینیٹرز کو بٹایا جا رہا ہے حکومت کے دن گنے جا چکے ہیں دسمبر سے قبل ہی حکومت جانے والی ہے ہمیں گرفتاریوں سے کسی صورت ڈرایا نہیں جا سکتا ہماری تحریک منطقی انجام تک پہنچ کر ہی ختم ہو گی انہوں نے کہا کہ آج جمہوریت کے نام پر سول مارشلاء قائم ہے میڈیا پر اپوزیشن بقیہ نمبر38 صفحہ 3 پر

حب اسسٹنٹ کمشنر حب کی ہدایت نائب تحصیلدار گلزائی امان اللہ زہری ایک دکان پر پرائس چیک کر رہے ہیں

سردار زادہ میر حیر یار خان ڈومکی، میر درک خان ڈومکی نے بھاگ شہر کا دورہ کیا

آئے روز بھاگ ناڑی اور بختیار آباد روڈ پر ڈاکو مسافروں کو لوٹتے رہتے ہیں

بی (نامہ نگار) ممتاز قبائلی رہنما سردار زادہ میر حیر یار خان ڈومکی، میر درک خان ڈومکی نے بھاگ شہر کا دورہ کیا اور مختلف سیاسی وسماجی شخصیات سے ملاقات کی اور بھاگ ناڑی سمیت علاقے میں بڑھتی ہوئی بدامنی پر تشویش کا اظہار کیا۔ تفصیلات کے مطابق ممتاز قبائلی رہنما سردار زادہ میر حیر یار خان ڈومکی، میر درک خان ڈومکی نے بھاگ شہر کا دورہ کیا اور مختلف سیاسی وسماجی شخصیات سے ملاقات کی اور بھاگ ناڑی سمیت علاقے میں بڑھتی ہوئی بدامنی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ آئے بقیہ نمبر62 صفحہ 3 پر

ترقیاتی منصوبے کسی بھی علاقے کی ترقی وخوشحالی میں بنیادی کردار کے حامل ہوتے ہیں، فیاض علی

ضلع میں ترقیاتی منصوبوں کی رفتار اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرونگا، ڈپٹی کمشنر لورالائی

لورالائی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) فیاض علی نے کہا ہے کہ ترقیاتی منصوبے کسی بھی علاقے کی ترقی وخوشحالی میں بنیادی کردار کے حامل ہوتے ہیں ضلع میں ترقیاتی منصوبوں کی رفتار اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرونگا یہ عوام کی امانت ہیں اور عوام کے ٹیکس کے پیسوں سے ہی تعمیر کیئے جا رہے ہیں سرکاری آفیسران ان منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے دن رات ایک کریں انہوں نے کہا کہ بقیہ نمبر63 صفحہ 3 پر

ایکسائز اہلکاروں کی ناجائز بھتہ خوری بند نہ ہو سکی

سوراب (آن لائن) ایکسائز اہلکاروں کی ناجائز بھتہ خوری بند نہ ہو سکی، میڈیا میں نشاندہی کے بعد جگہ تبدیل کر کے گھوڑ دوڑ کراس کے مقام پر ڈیرے جما کر غریب ڈرائیورز کو لوٹنے کا سلسلہ دوبارہ شروع کر دیا، تیل بردار گاڑیوں سے وصول کی جانے والے بھتہ کی رقم بھی بڑھا دیئے، بقیہ نمبر64 صفحہ 3 پر

سی ٹی ایس پی کا امتحان پاس کرنے والے اساتذہ کے آرڈر فوری طور پر جاری کرے، لالا یوسف خلجی

بلوچستان امن جرگہ آل بلوچستان سی ٹی ایس پی شارٹ اسٹڈ ٹیچرز فورم کے مطالبات کی مکمل حمایت کرتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان امن جرگہ کے سربراہ لالا یوسف خلجی نے کہا ہے کہ سی ٹی ایس پی کا امتحان پاس کرنے والے اساتذہ کے آرڈر فوری طور پر جاری کرے، بلوچستان امن جرگہ آل بلوچستان سی ٹی ایس پی شارٹ اسٹڈ ٹیچرز فورم کے مطالبات کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں لالا یوسف خلجی نے کہا کہ بلوچستان میں بے روزگاری اپنے عروج پر ہے اور پڑھے لکھے نوجوان ڈگریاں ہاتھوں میں لئے در بدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں۔

عالمریک لانڈھی کے مقام پر لیویز انتظامیہ کی کامیاب کاروائی

نوکنڈی (آن لائن) عالمریک لانڈھی کے مقام پر لیویز انتظامیہ کی کامیاب کاروائی ڈکیتی کیوارادت میں استعمال ہونے والیچک اپ گاڑی کو لیویز فورس نے حراست میں لیا گیا جبکہ ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے لیویز ذرائع کے مطابق گذشتہ روز انتظامیہ کو اطلاع ملی تھی کہ عالمریک لانڈھی کے مقام پر مسلح ڈاکو شہریوں کو لوٹ رہے ہیں اور رسالدار بخش کی سربراہی میں لیویز فورس کی ٹیم واردات کے مقام پر پہنچی بقیہ نمبر65 صفحہ 3 پر

استاد العلماء حضرت مولانا عادل خان صاحب کا شہادت لمحہ فکریہ ہے، ضیاء الرحمان فاروقی

مولانا عادل کے جانے سے صرف ایک خاندان نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ دکھ اور غم کے سانس لی رہے ہیں، عبیداللہ کاکڑ

شہید کے جانے جو خلا پیدا ہوا وہ پھر نہیں پور سکے گا، بے ٹی آئی ڈسورہ

ڈسورہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام تحصیل ناڑا صاحب شہید حافظ خلیل یونٹ ڈسورہ کے صدر مولوی ضیاء الرحمان فاروقی نائب صدر عبیداللہ، جنرل سیکرٹری کلیم الدین حلال ڈپٹی جنرل سیکرٹری حافظ سجاد احمد حزب اللہ بازئی مالیات عصمت اللہ پریس آمین اللہ کاکڑ مولوی امداد اللہ حافظ کلیم اللہ زین اللہ درویش آمین اللہ بازئی ظفر خان حافظ زبیر احمد رفیع اللہ بازئی واجد خان عابز محب اللہ ڈسورہ اور دیگر نے اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں کہا ہے کہ ممتاز عالم دین مولانا عادل صاحب رحمۃ اللہ علیہ بقیہ نمبر41 صفحہ 3 پر

حکمران مہنگائی کو روکنے میں بری طرح ناکام ہو چکے ہیں، حاجی علی مدد جتک

کوئٹہ میں 25 اکتوبر کو پی ڈی ایم کا جلسہ نااہل سلیکٹڈ حکمرانوں کے خلاف ریفرنڈم ثابت ہوگا

حکومت مخالف تحریک عوامی حقوق کی بحالی اور ملک سے انتق